## صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

# مباحثات

بروز پیر ۲۹ دسمبر ۱۹۹۷ء
مطابق ۲۸ شعبان ۱۴۱۸ھ

## سرکاری رپورٹ

جلد ۹ شمارہ ۱۱

| مندرجات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| ۱۔ تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ | ۱ |
| ۲۔ نشان زدہ سوالات اور اُن کے جوابات | ۲ |
| ۳۔ معزز اراکین کی رخصت | ۴۷ |
| ۴۔ مسئلہ استحقاق | ۶۱ |
| ۵۔ تحاریک التوا | ۷۰ |
| ۶۔ توجہ دلاؤ نوٹس | ۷۲ |
| ۷۔ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کیا جانا | ۱۱۶ |
| ۸۔ قرار دادیں | ۱۱۹ |

# صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز پیر مورخہ 29 دسمبر 1997 بمطابق 28 شعبان 1418 ھ صبح دس بجکر بائیس منٹ پر منعقد ہوا۔

قائم مقام سپیکر، حاجی محمد عدیل مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ

اَللّٰہُ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ وَّ ھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ وَّکِیْلٌ ہ لَہٗ مَقَالِیْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِاٰیٰتِ اللّٰہِ اُولٰٓئِکَ ھُمُ الْخٰسِرُوْنَ ہ قُلْ اَفَغَیْرَ اللّٰہِ تَاْمُرُوْٓنِّیْٓ اَعْبُدُ اَیُّھَا الْجٰھِلُوْنَ ہ وَلَقَدْ اُوْحِیَ اِلَیْکَ وَ اِلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِکَ لَئِنْ اَشْرَکْتَ لَیَحْبَطَنَّ عَمَلُکَ وَ لَتَکُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ ہ بَلِ اللّٰہَ فَاعْبُدْ وَکُنْ مِّنَ الشّٰکِرِیْنَ ہ

(پارہ 23 سورۃ الزمر آیات 62-66)

(ترجمہ) د اللہ پاک ارشاد دے فرمانی چه اللّٰه د هر څیز پیداکونکے دے او په هر څیز باندے نګران دے۔ د آسمانونواو زمکے کنجیانے د هغه په اختیارکښ دی او څوک چه د اللّٰه د آیاتونو نه انکارکوی هغوی به تاوانیان پاتے شی۔ اے پیغمبر صلی اللّٰه علیه وسلم ته ورته اووایه چه اے جاهلانو نو ګنی تاسو بیا هم ما ته د اللّٰه نه علاوه د نور چا د عبادت فرمانشونه کوے او بےشکه تا ته هم او ستا رومبے نور پیغمبرانو ته هم دا وهی لیږلے شوے ده چه که تا شرک اوکړو نو ټول اعمالونه به دے ضبط لار شی او په تاوان کښ به اوغورځیږے۔ ته خو بس د یو اللّٰه عبادت کوه او د هغه شکر اوباسه۔

# نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

Mr. Deputy Speaker: I will request Mr. Ghafoor Khan Jadoon. to please ask his Question No. 241.

* 241 _ جناب غفور خان جدون، کیا وزیر مواصلات و تعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ ـــ

(ا) 1994 سے لیکر 1996 تک ضلع صوابی میں کل کتنے ہائر سیکنڈری' ہائی' مڈل اور پرائمری سکولز تعمیر کئے جا چکے ہیں،

(ب) ضلع صوابی میں مذکورہ سکولوں کی تفصیل بتائی جائے' نیز مذکورہ سکولز مکمل طور پر محکمہ تعلیم کے حوالے کئے گئے ہیں یا ان میں تاحال کسی چیز کی کمی ہے،

(ج) مذکورہ سکولوں کی تعمیر کرتے وقت ان پر کل کتنے ورک چارج ملازمین تعینات کئے گئے تھے' ان کے نام بمعہ ولدیت و مکمل پتہ اور جن افراد کی سفارش پر بھرتی کئے گئے تھے' ان کے عہدے بھی بتائے جائیں،

(د) آیا حکومت مذکورہ ورک چارج ملازمین کی تعیناتی سے محکمہ کو بے جا لاکھوں روپے کا نقصان دینے والے افراد کے خلاف اقدامات کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

جناب یوسف ایوب خان (وزیر مواصلات و تعمیرات)، (ا) ضلع صوابی میں 1994 سے لے کر 1996 تک محکمہ تعلیم کے مختلف شعبوں میں مختلف کام کئے گئے ہیں' جن کی تفصیل اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

(ب) تفصیل اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

(ج) مذکورہ سکولوں میں تعمیر کے دوران کل تین سو اڑتالیس ورک چارج بھرتی کئے گئے' جن کی تفصیل اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

(د) تمام ترقیاتی کاموں میں دو فیصد ورک چارج رکھنے کیلئے فنڈز کی گنجائش موجود ہے اور مذکورہ ورک چارج پر خرچہ فنڈز کی مقررہ حد سے زیادہ نہیں تھا۔

<u>جناب غفور خان جدون</u>، جناب سپیکر! په دے کښې چه ما کوم تپوس کړے دے، د 1994 نه واخلئ تر 1996 پورے چه کوم هائر سیکنډری سکولونه، هائی، مډل او پرائمری سکولونه تعمیر شوی دی، که تاسو اوګورئ چه دا جواب دے ډیپارټمنټ ورکړے دے ، 'Establishment of 112 Primary Schools (New)' په دے کښې Totally دوئ پنډره Complete کړی دی، پچانوے In progress دی۔ 'Construction of 80 class rooms in Primary Schools (New)' ، د دےاشی یونټس دی۔ په دے کښې دس Complete دی او ستر اوس پوره نه دی شوی ۔ بیا دے کښې 'The construction of 80 Primary Schools Complete (New)' په دے کښې In prograss دی، ټول بیا جی 'Construction of 4 Primary Schools (ongoing)' دا هم دغه شان دی۔ دغه شان که تاسو اوګورئ دا 'Up-gradation of 4 Middle Schools to Higher' نو دا In progress دی - دغه شان 'Constuction of 8 Class Rooms' ، نو دا هم In progress دی - یعنی دوئ کار دریو کالو نه تر اوسه پورے Complete کړے نه دے او لویه خبره دا ده چه زما د سوال د جز (ج) په جواب کښې دوئ وائی چه ورک چارج ملازمین تین سو انتالیس دی۔ په دے کښې که تاسو خیال اوکړئ نو په یو هائر سیکنډری سکول کښې چوبیس، چوبیس دوئ لګولی دی او په مډل کښې نے هم سوله سوله لګولی دی، نو زه د دوئ نه دا تپوس کول غواړم چه دو فیصد Contingency ، زما د حساب مطابق په دے دریو کالو کښې ایک کروړ، نوے لاکه روپئ په دے خرچ راغلے دے۔ ما بیګاه په کلکولیټر باندے دا حساب

کړے دے، ایک کروړ، نوے لاکھ روپیٔ په دے ورک چارج ملازمینو باندے د دویٔ خرچه راغلے ده او نومونه ئے ورکړی دی۔ تاسو ما ته دا اووایئ چه په یو یو هائر سیکنډری سکول کښې، په هائی کښې، په مډل کښې او په پرائمری کښې څوبیس څوبیس کسان څنګه ورک چارج ئے بهرتی کړی دی؟ مهربانی د اوشی او دا سوال د کمیټیٔ ته Refer کړے شی چه کوم افسران په دے کښې Involve دی که هغه هر څوک وی او جی ما له ئے دا جواب راکړے دے چه بالکل د دو فیصد نه سوا نه دے شوے، دا یو سرټیفکیټ هغه ایکسین او ایس۔ ډی۔او ورکړے دے خو زه دا وایم چه دا دومره پیسے په دے خرچ شوی دی نو د هغه دا سرټیفکیټ هم غلط دے۔ دا ئے سرټیفکیټ ورکړے دے چه "The provision of two percent work charged and contingence exist in all the projects. The expenditure thus incurred was very much within the permissible limit and no extra burden was given to the project."

هاں جی، دویٔ دا سرټیفکیټ چه ورکړے دے، زه وایمه چه دا بالکل غلط دے۔ ایک کروړ، تراسی لاکھ روپیٔ د دے غریبے او پسمانده صوبے په ورک چارج باندے خرچ کول د کوم خائے انصاف دے؟ بله دا ده چه په دے دریو کالو کښې ئے پرائمری سکولونه هم Complete کړی نه دی، کمرے هم Complete نه دی، External and internal بجلی هم نه ده شوے۔ نو دا ټول سوال د سی اینډ ډبلیو کمیټیٔ ته Refer کړے شی۔

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> Honourable Minister on behalf of Minister for Communication.

<u>جناب بشیر احمد بلور (وزیر قانون)</u>: معافی غوارم جی، زمونږه منسټر صاحب د

هری پورنه راتلو او د دیر زیات دهند په وجه باندے هغه لږ Late شو۔ غفور خان جدون خو دیر ښه Question کړے دے او ورسره وائی چه دا ورک چارج هلته کښ ولے اوشو؟ مونږه چه کوم وخت کوز یو نو وایو چه خلقو له به روزګار ورکوؤ، مونږه به غریبانو له روزګار ورکوؤ۔ زما خیال دے په دے کښ داسے یو کس به هم نه وی چه هغه مالدارسړے وی، غریب خلق به وی او هغوی ته ورک چارج زما خیال دے هر یو دیپارټمنټ کښ ورکړے کیږی۔ هغوی ورته لیکلی هم دی او پخپله منی چه مونږه د دو فیصد نه زیات نه دی کړی۔ دوئ په دے Insist کوی خو زما یقین دے چه د دے محکمے سیکرټری هم دیر پوهه دے او داسے یو کس به دومره غلط سرټیفیکیټ څنګه ورکوی چه هغه به اسمبلئ ته، په فلور آف دی هاؤس یو Question and answer کښ راځی او وائی چه ما دو پرسنټ نه زیات نه دی کړی۔ نو هغه به څنګه دا خبره کوی؟ زه خو دا خواست کوم چه که دوئ داسے وائی نو به کښینو او دوئ سره به خبره اوکړو۔

جناب غفور خان جدون، زما عرض اورئ سپیکر صاحب؟ اوسنے سی ایند دبلیو سیکرټری نه، دا زوړ دے۔ زه درته یو مثال درکوم، ګورنمنټ مډل سکول بازار کښ د منسټر آف سی ایند دبلیو دیپارټمنټ په Recommendations باندے شوے دی۔ په دے عمران، محمد انعام، امان الله، شمروزخان، ارشاد خان، ناجت علی، عبدالسلام، نیک عمل خان، عابد علی، شاهد، عزت خان، عبدالرشید، جنګریز خان، هدایت الله خان، محبوب خان، آصف خان، احمد علی، دا دومره کسان په یو مډل سکول کښ لګیدلی دی۔ زه عرض دا کوم چه لکه څنګه دوئ وائی چه په یو مډل سکول کښ شپاړس کسان لګوی-----

حاجی عبدالرحمان خان، جناب سپیکر صاحب! زه هم په دے ضمن کښې یو عرض کومه -----

جناب غفور خان جدون، دوه کسان مونږه منو جی، بالکل روزګار به ورکوو خو Contingent کښې۔ زه عرض دا کومه جی چه ټهیک ده، د سی اینډ ډبلیو سیکرټری ډیر انتهائی Honest سړے دے، په دے کښې زما هیڅ شک نشته، دازورکیس دے د دریو کالو خو په یو مډل سکول باندے دوه کسان، درے کسان ورک چارج لګی، په یو هائی سکول باندے څلور کسان لګی، په یو مډل سکول باندے شپاړس څنګه اولګیدل او په دغه باندے څنګه شل اولګیدل؟

حاجی عبدالرحمان خان، جناب سپیکر صاحب! د دے ټولے صوبے خبره ده۔ زمونږ په حلقو کښې چه کوم سکولونه جوړشوی دی نو تاسو به پخپله په دے ګواه یئ چه مونږه د ورک چارج تپوس د چا نه نه دے کړے۔ چا چه زمکه ورکړے ده، هغوی ئے پکښې ورک چارج نه دی لګولی۔ زما خپل ذاتی اندازه دا ده چه دا د سره لګیدلی نه دی او دا پیسے اخستے شوے دی۔ زه دا په دعویٰ سره وایمه زمونږه په SAP کښې زمونږ ټول سکولونه هم داسے پراته دی۔ اوس هم په چا کښې تینګی نشته، چا کښې یو کیے دے او بل سکول کښې بل کیے دے۔ که د دے ورک چارج وے، دا دو فیصد چه دوئ لیکلی دی نو د دے سکولونو حالات به داسے ولے وو؟ زما په خیال دا کمیټئ ته حواله کول پکاردی او د دے صحیح تحقیقات پکاردی چه په دے تیروکلونو کښې دا دو فیصد لګیدلی دی چه آیا دا سړی وو؟ زه په دے مصر یم چه دا سړی هډو وو نه۔ دا ورک چارج زه هډو منم نه، چه وو۔

Mr. Deputy Speaker: Honourable Minister.

<u>نوابزادہ محسن علی خان</u>، Just before the Minister, Sir. جناب سپیکر صاحب، ضمنی سوال ہے۔ جناب سپیکر صاحب! عرض یہ ہے کہ جیسے غفور خان اور میرے فاضل بھائی نے کہا ہے، یہ بالکل حقیقت ہے کہ سی اینڈ ڈبلیو میں جو ڈیلی ویجز ہیں، جن کو یہ ورک چارج کہتے ہیں۔ اگر آپ اس کو کمیٹی کے حوالے کریں تو آپ کو شاید پتہ لگ جائے یا کمیٹی کو معلوم ہو جائے کہ یہ جو نام فہرست میں ہیں ماسٹر رول پر، ان میں اکثر کو تنخواہ ہی نہیں مل رہی ۔ جیسے ابھی خان نے کہا ہے کہ جن لوگوں کو دکھایا گیا ہے، شاید ان کو تنخواہ مل ہی نہیں رہی ہے اور یہ بالکل حقیقت ہے۔ دوسری بات یہ ہے جناب سپیکر صاحب، جو میں منسٹر صاحب کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں، شکر ہے کہ سی اینڈ ڈبلیو کے منسٹر صاحب بھی پہنچ گئے، وہ یہ ہے کہ ------------

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> Wel come Mr. Yusaf Ayub.

<u>نوابزادہ محسن علی خان</u>، دوسری گزارش یہ ہے جناب سپیکر صاحب، کہ جب ایک سکیم Complete ہو جاتی ہے، چاہے وہ پرائمری سکول ہو، بی ایچ یو ہو، ہائر سیکنڈری سکول ہو یا جو بھی سکیم ہو، جب وہ مکمل ہو جاتی ہے اور جب تک ایک سکیم Handover نہ کی جائے تو اس پر ورک چارج لگا رہنا چاہئے کیونکہ چوکیدار کی کوئی Provision نہیں ہے۔ اکثر یہ ہوتا ہے کہ کنٹریکٹر جس وقت سکیم مکمل کر دیتا ہے تو ورک چارج کی Provision جو ہے، وہ ختم ہو جاتی ہے And that scheme is left. اور جھگڑا یہ بن جاتا ہے جناب، کہ وہ ڈیپارٹمنٹ جس کیلئے یہ سکیم بنائی گئی ہے، چاہے وہ ایجوکیشن کا محکمہ ہو، چاہے وہ محکمہ صحت ہو، وہ اس کو چارج میں لیتے نہیں ہیں، اس میں کوئی نہ کوئی Defect نکال لیتے ہیں۔ دوسری طرف سی اینڈ ڈبلیو کے پاس کوئی پیسہ نہیں ہوتا اس کو ٹھیک کرنے کیلئے تو ایک سال یا دو سال وہ التوا میں چلی جاتی ہے And that has got no Chowkidar, no Work Charge, nothing there. اور رزلٹ یہ ہوتا ہے جناب، کہ کبھی کوئی آ کر اس

کے دروازے نکال کر لے جاتا ہے' کبھی کوئی الیکٹریکل فٹنگز اٹھا کر لے جاتے ہیں تو میرا ذاتی خیال ہے کہ اس کا Basis یہ ہونا چاہئے کہ جب تک سکیم Handover نہ کی جائے تو Work charged should be on duty there, just like a chowkidar. Thank you.

Mr. Deputy Speaker: Honourable Minister For C&W.

جناب سپیکر ، Honourable Minister for C & W. آپ اس ایوان کو ذرا گائیڈ کریں کہ یہ Contingency دو پرسنٹ جو رکھی جاتی ہے یہ کیوں رکھی جاتی ہے اس کی کیا ضرورت ہوتی ہے اور دوسرا جیسا کہ آنریبل ممبر محسن علیخان نے تجویز کیا ہے کہ جس وقت عمارت تعمیر ہو جاتی ہے اور جب تک ڈیپارٹمنٹ اسکو ٹیک اوور نہیں کرلیتا ہے تو وہاں کوئی چوکیدار نہیں ہوتا ہے۔ اکثر عمارتوں میں سے سکولوں سے ڈسپنسریوں سے پنکھے ہٹا لئے جاتے ہیں۔ تقریبا" ہر ممبر کے حلقے میں یہ ہو رہا ہے اگر یہ دو پرسنٹ Contingency کا مسئلہ ہی ختم کر دیا جائے تو یہ بھی قومی بچت ہو۔

جناب یوسف ایوب خان ( وزیر مواصلات وتعمیرات ) ، I am sorry Speaker Sahib میں ابھی ہری پور سے آ رہا ہوں' I was late. غفور خان کا جو سوال تھا' Probably he has asked کہ یہ جو Question ہے ---------

جناب ڈپٹی سپیکر ، ممبر Satisfied نہیں ہے اس لسٹ سے کہ واقعی اتنے ورک چارج بھرتی ہوئے ہیں۔

Minister for Communication and Works: I have no objection if this goes to the Committee. ادھر آپ تفصیلاً -----------

جناب ڈپٹی سپیکر ، اگر آپ ہمیں ذرا گائیڈ کر دیں' بتائیں کہ اس Contingency میں دو پرسنٹ کی ضرورت کیوں ہے اور جو تجویز محسن علی خان صاحب نے دی ہے' اس کے

متعلق تو ...........

<u>وزیر مواصلات و تعمیرات</u>، میں ایک عرض کرتا ہوں۔ سپیکر صاحب! پہلے ایسے ہوتا تھا کہ جب سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ کوئی پراجیکٹ شروع کرتا تھا تو Site selection basically concerned Department کرتا ہے لیکن بننے کے بعد، محسن علی خان کی بات سے میں بالکل Agree کرتا ہوں کہ ڈیپارٹمنٹ کے لوگ کنٹریکٹرز کے ذمے کر دیتے تھے کہ جی آپ Concerned Department کے پاس جائیں اور ان کو Convince کریں کہ یہ Take over کریں، وہ چیز ہم نے بند کر دی ہے کہ جو Concerned XEN یا SDO ہے، They have to be responsible for handing over the site to the concerned Department. چاہے ایجوکیشن ہے، ہیلتھ ہے یا Whatever ہے، تو یہ تھوڑا سا ہم نے کیا ہے۔ He is absolutely right کہ SNEs ٹائم پر نہ ملنے کی وجہ سے سال سال، دو دو سال وہ سکول بند رہتے ہیں اور ایسی کوئی Provision نہیں ہوتی جس میں اس ایک سال یا دو سال کے دوران کوئی چوکیدار رکھ سکیں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>، اس Contingency والا پیسہ ..... (شور)

<u>وزیر مواصلات و تعمیرات</u>، وہ پیسے مانگیں گے لیکن اگر ایک دفعہ وہ Complete ہو گیا تو پھر ان کے پیپرز میں ختم ہو جاتا ہے۔

<u>نوابزادہ محسن علی خان</u>، جناب سپیکر صاحب! میرا اپنا یہ خیال ہے، شاید یہ غلط ہو، لیکن میرا اپنا یہ خیال ہے کہ Contingency کیلئے یہ جو Two percent رکھا گیا ہے، تو وہ رکھا ہی اسلئے گیا ہے جناب، کہ جس وقت یہ عمارت مکمل ہو جائے، Building complete ہو جائے، چونکہ چوکیدار کی کوئی Provision نہیں ہے تو جب تک باقاعدہ Handing over نہیں ہو جاتا تو یہ دو پرسنٹ Contingency سے اس ورک چارج کو آپ رکھیں گے۔ یہاں پر ہوتا یہ ہے کہ ورک چارج کو وہ Employ کر لیتے ہیں اور Then by the

time the project is completed. تو کوئی Provision ہی نہیں ہوتی پیسے کیلئے، لہذا

Nobody look after the building.

جناب ڈپٹی سپیکر، میاں افتخارحسین صاحب!

میاں افتخارحسین، سپیکر صاحب! دا مسئله خو تقریباً په ټوله صوبه کښې پېښه ده۔ د غفور صاحب مونږه ډېر مشکور يو چه هغه دا خبره راوچته کړے ده۔ رښتيا خبره دا ده چه دا د Contingency خبره چه کيږی نو کله چه پراجيکټ Complete شی نو دا گنجائش نشته دے چه بيا چا ته پيسے ورکړے شی نو ورک چارج د مينځ نه اوخی او نوے اخستے هم نه شی۔ دغه رنگ زمونږ په کلو کښې هم داسے سکولونه شته دے، پکچے هم ترينه پټ دی او دروازے هم ترينه اوتے دی۔ خو هله کميټئ ته هم تلل دی او خبره داسے ده چه په دے باندے قدغن لګول دی چه د % 2 نه اضافی دوئ خلق أو نه ساتی۔ چه په يو سکول باندے شپږ، اوه او يا اته ورک چارج شی نو هغه خو د % 2 نه اضافی وی او بيا دا هم پکښې تاسو، زه ښبنه غواړم چه کم از کم د لوکل ايم پی اے په علم کښې وی نو بيا به غلط سړے ورک چارج کيږی نه بلکه ټهيک سړے به کيږی او هلته به ډيوټی کوی۔

جناب ڈپٹی سپیکر، آنریبل غفور خان جدون! میرے خیال میں محترم وزیر صاحب کو بھی اس پر اختلاف نہیں ہے کہ یہ Question ہم کمیٹی کو ریفر کریں۔

جناب غفور خان جدون، وہ کر دیں جی۔ ایک عرض یہ ہے کہ آگے انہوں نے لکھا ہے گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول لاہور میں چھیالیس تھے، گورنمنٹ ہائی سکول زیدہ میں بتیس تھے، میرے اپنے گاؤں میں گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول بن رہا ہے، ابھی مکمل نہیں ہوا ہے لیکن اس میں اٹھارہ ہیں اور میرے علم کے مطابق میں نے تو نہ لگوائے ہیں اور نہ مجھے

پتہ ہے۔ میں کہتا ہوں کہ اسے کمیٹی کے حوالے کر دیں۔

وزیر مواصلات و تعمیرات۔ سپیکر صاحب! کمیٹی کے حوالے کر دیں۔ تفصیل ساری وہاں آ جائے گی اور Request یہ ہے کہ جیسے محسن علی خان صاحب اور میاں افتخار صاحب نے کہا ہے کہ جب پراجیکٹ ایک دفعہ Complete ہو جائے' C & W is just a contracter. ایک ایسی تجویز بھی آنی چاہئے اس کمیٹی میں کہ یہ چیز بھی ان کے حوالے کر دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر۔ تاکہ Contingency کی رقم چوکیداری کیلئے استعمال ہو سکے۔

وزیر مواصلات و تعمیرات۔ Contingency کی بھی اور فوری طور پر Handing/ Taking over بھی ہو۔ اگر اس بلڈنگ میں کوئی Defect ہے' پھر تو ٹھیک ہے وہ ڈیپارٹمنٹ کہہ سکتا ہے کہ یہ بلڈنگ ہم Take over نہیں کرتے کیونکہ اس میں Defects ہیں لیکن اگر Defects بھی نہیں ہیں Just because کہ فنانس ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے SNE نہیں آئی' چوکیدار کی پوسٹیں نہیں آئیں تو وہ سالہا سال Delay نہیں ہونی چاہئے' وہ بھی اس کو دیں۔

Mr. Deputy Speaker: Is it the desire of the House that Question No. 241, moved by Honourable Member, Ghafoor Khan Jadoon be referred to the Committee on C & W?

(The motion was carried.)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The question is referred to the Committee on C & W.

جناب محمد شعیب خان۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر صاحب! ما یو Call Attention Notice داخل کرے وو۔ هغه تاسو د بحث د پاره منظور نه کړو۔

زمونږ د ملاکنډ ایجنسئ په ملاکنډ لیوی کښې تقریباً ایک سو پچیس پوستونه اوس خالی دي او د هغے بجټ شته دے ---------

جناب ڈپٹی سپیکر، په کومه محکمه کښې؟

جناب محمد شعیب خان، ملاکنډ لیوی کښې جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر، کمشنریٹ میں؟

جناب محمد شعیب خان، جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر، کونسے محکمے میں؟

ملک جہانزیب خان، پوائنټ آف آرډر۔ دلته ورته ریګولر پولیس وائی او هلته ملاکنډ لیوی ده۔

جناب ڈپٹی سپیکر، ښه ښه، په لیوی کښې۔

جناب محمد شعیب خان، جی او، نو په هغے کښې تاسو اوونیل چه دا د فیډرل ګورنمنټ سره تعلق ساتی، لهذا په دے باندے بحث نه شی کیدلے۔ اوس دا یو عرض کوم سپیکر صاحب، دا ټهیک ده چه دا سبجیکټ د فیډرل ګورنمنټ سره تعلق ساتی ---------

جناب ڈپٹی سپیکر، شعیب خان! تاسو په Tea break کښې زما سره په چیمبر کښې ملاؤ شئ، I will try to help you.

جناب محمد شعیب خان، جی۔ ,Right, Sir لیکن دا خو Question دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر، دا Question دے یا Call Attention Notice دے؟

جناب محمد شعیب خان، Call Attention Notice دے، سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر، تاسو ما سره په Tea break کښې ملاؤ شئ، I will try to

help you. I will try to accomodate you.

Mr. Muhammad Shuaib Khan: Right, Sir. Thank you.

Mr. Deputy Speaker: Now I will request Honourable Member. Pir Muhammad Khan, MPA, to ask his Question No. 274.

* 274 _ جناب پیر محمد خان، کیا وزیر تعمیرات و مواصلات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ ـــ

(ا) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ سال کے اے ڈی پی میں مارتونگ دیدل سڑک اور تھاکوٹ کنا نگر سڑک شامل کی گئی تھی،

(ب) اگر (ا) کا جواب اثبات میں ہو تو کیا حکومت اس سال مذکورہ سڑکوں پر کام شروع کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

جناب یوسف ایوب خان(وزیر مواصلات وتعمیرات)، (ا) جی ہاں۔

(ب) یہ سڑکیں 1997-98 کے اے ڈی پی میں شامل نہیں ہیں' اسلئے ان سڑکوں پر کام شروع نہیں ہو سکتا۔

جناب پیر محمد خان، جناب سپیکر صاحب! شکریہ۔ یہ مختصر سا سوال میں نے پوچھا ہے۔ میرا خیال ہے کہ یوسف ایوب خان بھرپور تعاون فرمائیں گے۔ پہلے جز کا جواب انہوں نے اثبات میں دیا ہے کہ گزشتہ سال کے اے ڈی پی میں مارتونگ دیدل سڑک اور تھاکوٹ کنا نگر سڑک شامل کی گئی تھیں لیکن جز (ب) کے جواب میں کہتے ہیں کہ یہ 1997-98 کی اے ڈی پی میں شامل نہیں ہیں۔ جب پچھلے سال شامل تھیں' تو اس سال اے ڈی پی سے کیوں نکالی گئی ہیں؟ سب سے پہلے مجھے اس کا جواب دیں۔

Mr. Deputy Speaker: Honourable Minister for C & W. O.K.

Honourable Malik Jehanzeb Khan, MPA. please.

ملک جہانزیب، په دے سلسله کښې جی زما یو ضمنی سوال دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر، ښه جی، آنریبل ملک جهانزیب خان!

ملک جہانزیب، په دے کښې جی زما دا عرض دے لکه څنګه چه دا سوال پیر محمد خان صاحب کړے دے، دا ډیر اهم سوال دے او زه دا ضروری ګنړم او وزیر صاحب ته به دا خواه مخواه وایم چه زمونږ د دیر او چکدرے روډ چه کوم دے، په دے باندے د دوو ضلعو آمد و رفت دے او د چترال د علاقے هم په دے روډ باندے آمد و رفت دے۔ دا روډ اوس د آمد و رفت کولو قابل نه دے پاتے شوے۔ مخکښې به مونږ په دوه نیمے ګهنټو کښې رارسیدو او اوس په څلورو ګهنټو کښې هم نه شو رارسیدے۔ زه وزیر صاحب ته وایم چه د دیر چکدرے روډ د مرمت د پاره د ده څه خیال شته او که نشته دے؟

Mr. Deputy Speaker: Honourable Minister. please give attention to the honourable Member

ملک جہانزیب، د وزیر صاحب خیال نه وو، هغه د پیر محمد خان خبره -----

جناب ڈپٹی سپیکر، تاسو دا خپله خبره دوباره اوکړئ۔

ملک جہانزیب، ښه جی۔ دا پیر محمد خان چه کوم سوال اوکړو، په دے کښې زما ضمنی سوال دا دے چه دیر چکدره روډ سره د چترال عوام هم په دے باندے آمد و رفت کوی۔ هغه د څو کالو نه د مرمت نه کیدو په وجه باندے دومره خسته حال شوے دے او دومره کهدے په هغے کښې جوړے شوے دی چه مخکښې به مونږ پیښور ته په دوه، دوه نیمے ګهنټو کښې رارسیدو او اوس چه کله مونږه اسمبلئ ته راځو، دا احمد حسن خان هم موجود دے او دا نور ممبران د دیر هم

دی، سید احمد خان هم دے، نو اوس مونږه په څلورو کهنتو کښې پیښور ته رارسیدے نه شو۔ نو د دیر چکدرے دا روډ چه کوم دے، د دے مرمت ولے نه کیږی؟ دا به د څو پورے خرابیږی؟ وزیر صاحب د د دے متعلق ما ته څه اطمینان راکړی۔

Mr. Deputy Speaker: Honourable Minister for C & W.

وزیر مواصلات و تعمیرات، شکریہ۔ جناب سپیکر! جہاں تک پیر محمد خان کے سوال کے جواب کا تعلق ہے تو یہ روڈ واقعی اے ڈی پی میں گزشتہ سال Reflect ہوا تھا لیکن اس پر کسی قسم کا کام یا کسی قسم کی اس روڈ کیلئے Funding نہیں دی گئی۔ پچھلے اے ڈی پی اور اس سال کے اے ڈی پی میں تقریباً تمام روڈز جن پر کسی قسم کا پیسہ خرچ نہیں ہوا تھا' بالکل New schemes تھیں' وہ تقریباً پورے صوبے میں ڈراپ ہیں -----

جناب ڈپٹی سپیکر، On-going پر زیادہ کام ہوا تھا؟

وزیر مواصلات و تعمیرات، On-going پر نہیں' جس پر تقریباً پچاس پرسنٹ سے زیادہ پیسہ لگا تھا' وہ اس سال کے اے ڈی پی میں Reflect ہوئی ہیں بلکہ اس سے کم کی بھی Reflect ہوئی ہیں۔ جن سکیمز پر بالکل کسی قسم کا پیسہ خرچ نہیں ہوا تھا' Those have been excluded from the ADP. ملاکنڈ پیکج جو ان کے ایریا کا آ رہا ہے' پیر محمد خان صاحب سے تین چار دفعہ اس سلسلے میں ہماری بات ہوئی ہے' تو میں نے بھی یہی Propose کیا ہے کیونکہ صوبے کے جو فنانشل حالات ہیں' وہ پیر محمد خان سے بھوے ہوئے ہیں۔ ایک پیکج آ رہا ہے اور Doners اس میں کافی Contribute کر رہے ہیں تو ان کو چاہئے کہ اپنے روڈز اس میں Propose کریں۔ ٹھیک ہے' ہماری بھی کوشش ہوگی کہ یہ Important roads ہیں۔ جہاں تک ملک صاحب کے سوال کا تعلق ہے' تو واقعی یہ Dir-Chakdara road is a very very important. ہم آج ہی اپنے ڈیپارٹمنٹ کو یہ

Instructions دیتے ہیں کہ جو Repairs' Funds آ رہے ہیں تو اس روڈ کو Priority دی جائے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>. آنریبل سید احمد خان صاحب۔

<u>جناب سید احمد خان</u>. سر! میں وزیر صاحب سے ایک ضمنی سوال کر رہا ہوں' بڑا اہم Question ہے۔ میں نے ایک Question اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کیا تھا لیکن بدقسمتی سے وہ اس دن Lapse ہوگیا تاہم مجھے یقین ہے کہ منسٹر صاحب اس کا جواب دیں گے۔ چترال کے لواری کے روڈ کے سلسلے میں بھی ایک All weather scheme تھی' ایک بیرونی کمپنی کینیڈا کی یہ Agreement کرنے والی تھی اور اس سلسلے میں پی اینڈ ڈی ان کے ساتھ Agree ہوا تھا۔ سر! میں آپ کی وساطت سے منسٹر صاحب سے Question کر رہا ہوں' وہ کمپنی جو کینیڈا کی تھی' بھی Agree تھی کہ وہ چترال کیلئے یہ All weather road بنائیں گے لیکن مجھے پتہ چلا ہے کہ بدقسمتی سے سیکرٹری مواصلات کے دفتر سے وہ چیز غائب ہوگئی ہے۔ تو وہ کیا وجہ تھی' منسٹر صاحب اس سلسلے میں کچھ بتا سکتے ہیں؟ بلکہ میں یہ بھی درخواست کروں گا کہ اس سلسلےمیں میں ایک کال اٹینشن نوٹس بھی لایا ہوں کہ اس کو کمیٹی کے حوالے کریں کیونکہ بدقسمت چترال ابھی بند ہو گیا ہے' لواری بند ہے' لوگ پھنسے ہوئے ہیں چترال میں اور پشاور میں -----

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>. سید احمد خان! آپ ایسا کریں کہ ٹی بریک میں میرے چیمبر میں تشریف لائیں' ہم کال اٹینشن نوٹس کو کل کیلئے Include کر لیں گے۔

<u>جناب احمد حسن خان</u>. جناب سپیکر! ٹی بریک میں آپ کچھ دوسرے ممبران کو بھی مدعو کر سکتے ہیں؟

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>. جی' آپ کو تو بالکل مدعو کریں گے۔

<u>Mr. Abdul Subhan Khan</u>: Point of order. Sir.

جناب پیر محمد خان، جناب سپیکر صاحب! ایک تو سرکاری ممبران کو ٹریننگ دی جائے تاکہ ان کو پتہ چلے کہ --------

جناب عبدالسبحان خان، تاسو جی هغه بله ورخ وعده کړے وه۔

جناب ڈپٹی سپیکر، اچھا جی' میرے خیال میں سوال سے ممبر صاحب مطمئن ہیں۔

جناب پیر محمد خان، جناب سپیکر صاحب! کیسے مطمئن ہیں؟ پچھلے سال جو اے ڈی پی میں میری سکیم تھی' اس سال اس کو کاٹ دیا گیا ہے' تو اسے اے ڈی پی سے کیوں نکالا گیا ہے؟ بات یہ ہے کہ میری سکیم اے ڈی پی سے کیوں نکال لی گئی ہے؟ نکالنا نہیں چاہئے تھا۔ کیا اس کا سارا فنڈ موٹر وے کی طرف چلا گیا ہے؟ پندرہ کروڑ روپے فی کلو میٹر کے حساب سے موٹر وے تو بن رہا ہے------ (شور)

Mr. Deputy Speaker: Honourable Minister for C & W.

وزیر مواصلات و تعمیرات، سپیکر صاحب! انہوں نے جو نئے روڈ کا سوال کیا ہے تو میں اس کا ریکارڈ دیکھ کر جواب دے دوں گا لیکن یہ جو روڈ ڈراپ ہوا ہے' Purely on financial constraints کی وجہ سے ہوا ہے اور کوئی ایسی بات نہیں تھی۔ جہاں تک سید احمد خان کا Question ہے جی' یہ All weather road -------

جناب پیر محمد خان، جناب سپیکر صاحب! پندرہ کروڑ روپے تو موٹر وے کیلئے ہیں اور اس کیلئے نہیں ہیں۔

وزیر مواصلات و تعمیرات، سپیکر صاحب! مجھے بھی تو موقع دیا جائے۔ آپ مجھے بات تو مکمل کرنے دیں -------- (شور)

جناب ڈپٹی سپیکر، پیر محمد خان صاحب! آپ تو بہت پرانے ممبر ہیں۔ آپ والی روڈ جو ہے' یہ Provincial expenditures سے بنے گی اور وہ جو بن رہی ہے' وہ فیڈرل گورنمنٹ بنا رہی ہے۔

<u>جناب احمد حسن خان</u>، جناب سپیکر! وہ پراونشل کہاں سے آ رہے ہیں؛ وہ بھی اگر فیڈرل گورنمنٹ سے نہ آئے تو ہمارے پاس تو پیسے نہیں ہیں اور ملک جہانزیب صاحب بھی مطمئن نہیں ہیں۔ جناب سپیکر! انہوں نے بہت Relevant ضمنی سوال کیا ہے۔

<u>وزیر مواصلات و تعمیرات</u>، سپیکر صاحب! گورنمنٹ کی طرف سے جواب یہ ہے کہ Financial constraints کی وجہ سے یہ روڈ نہیں بن سکتی Because we don't have the money. اس سے آگے میں کیا کہہ سکتا ہوں؛

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> Exactly. Now I will request the Honourable Muhammad Ayub Khan Afridi, MPA, -----

(شور)

<u>وزیر مواصلات و تعمیرات</u>، مجھے ذرا یہ موقع دیں۔ انہوں نے چترال کے All weather road کے بارے میں جو Question کیا ہے تو This was a very important scheme. اور 1995 میں ایک Canadian based firm یہاں آئی تھی جنہوں نے Feasibility بنائی تھی For All weather road for Chitral. اس کی باقاعدہ Advertising ہوئی اور Bidding ہوئی ہے جس میں ایک Canadian firm نے Lowest bid کیا ہے غالباً Two hundred and seventy thousands dollars ابھی میرے پاس Documents نہیں ہیں اور تقریباً آج سے بیس پچیس دن پہلے وہ Canadians ہمارے پاس یہاں آئے With an application جس میں انہوں نے State کیا ہے کہ یہ Contract ملنے کے بعد سی اینڈ ڈبلیو کے Officials نے 'This is in writing, میں ہاؤس کو Provide کر سکتا ہوں کہ سی اینڈ ڈبلیو کے کسی سینئر بیوروکریٹ نے 10 % اس دو سو ستر لاکھ ڈالر میں سے ڈیمانڈ کی ہے اور شرط رکھی ہے کہ اس میں سے 10 % آپ ہمیں دیں گے تو تب ہی ہم Feasibility کا Agreement آپ

کے ساتھ Sign کریں گے جس کی وجہ سے وہ کنیڈین فرم جو بہت بڑی فرم ہے' Back out کرگئی کہ ہم اس قسم کی Dealing پر یقین نہیں رکھتے۔ تو اگر آپ چاہیں سپیکر صاحب' یا اگر وہ چاہیں' تو وہ ریکارڈ بھی سید احمد خان ---------

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>۔ میں آنریبل ممبرز سے ایک Request کرتا ہوں کہ آپ جتنے بھی پوائنٹ آف آرڈرز پر بات کرنا چاہتے ہیں' اگر آپ Tea break کے بعد بات کریں تو یہ Questions' Hour جو ہے' یہ Questions' Hour رہے گا ورنہ نہایت ہی اہم Questions جو ہونگے' وہ رہ جائیں گے۔ باقی آپ کی مرضی ہے۔ (شور)

<u>جناب پیر محمد خان</u>۔ میں پوچھتا ہوں کہ چیف منسٹر صاحب نے اگست کے مہینے میں چکیسر میں اعلان کیا تھا -----------

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>۔ آپ نیا Question لائیں۔

<u>جناب پیر محمد خان</u>۔ یہ سوال اسی سوال سے متعلق ہے' یہ گنا نگر تا کوٹ روڈ ہے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>۔ آپ کو آپ کے سوال کا جواب مل گیا ہے۔ آپ جو اب پوچھ رہے ہیں تو چاہئے تھا کہ وہ ضمنی میں پوچھتے۔

<u>جناب پیر محمد خان</u>۔ میں ضمنی سوال پوچھ رہا ہوں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>۔ Please. sit down. مجھے اعتراض نہیں ہے۔ آپ اپنے ساتھیوں کے Questions lapse کرنا چاہتے ہیں تو I have no objection. (شور)

<u>جناب عبدالسجان خان</u>۔ سپیکر صاحب! دے محسن علی‌خان ته اووایه چه دے پیر محمد خان سره لږ انصاف اوکړی۔ دے خو هسے هم انصاف پسے ګرځی نو چه ده له خو نمبر ورکړی۔

<u>Nawabzada Mohsin Ali Khan</u>: Mr. Speaker Sir! the Minister has just made a very important statement in this House

کہ دو سو ستر ملین ڈالر کی سکیم چترال ----------

<u>وزیر مواصلات و تعمیرات</u>، دو لاکھ' ستر ہزار ڈالر۔

<u>نوابزادہ محسن علی خان</u>، Sorry. دو لاکھ' ستر ہزار ڈالر کی سکیم Canadians لیکر آئے تھے اور یہاں پر آن دی فلور آف دی ہاؤس انہوں نے Statement دی ہے کہ C & W کے Officials نے ان سے Ten percent مانگا تھا اور وہ لوگ سکیم چھوڑ کر واپس چلے گئے۔ میں منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب یہ بات ان کے علم میں تھی اور وہ کہہ رہے ہیں کہ میرے پاس خط بھی ہے تو انہوں نے اس کے بارے میں کیا اقدامات کئے ہیں؟ What action the Government has taken?

<u>وزیر مواصلات و تعمیرات</u>، محسن علی خان! اگر آپ مجھے کچھ سنتے تو میرا خیال ہے -----

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>، یہ اس وقت کچھ سوچ رہے تھے۔

<u>وزیر مواصلات و تعمیرات</u>، تقریباً پندرہ دن ہوئے ہیں' وہ ہمارے پاس آئے ہیں اور انہوں نے Written application دی ہے' چیف منسٹر سے ملے ہیں اور پھر میرے پاس آئے ہیں۔ ہم نے انکوائری کی ہے لیکن If the House wants a House Committee, I have no objection.

<u>جناب پیر محمد خان</u>، یہ جو میرا سوال ہے مارتونگ تاکوٹ روڈ کے بارے میں تو اس کا جواب نہیں دیا گیا۔

<u>جناب محمد ایوب خان آفریدی</u>، جب سپیکر کی Chair سے Ruling آ جائے تو پھر پہلے سوال پر ضمنی سوال ہو سکتا ہے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>، جناب محمد ایوب خان آفریدی! آپ اپنا سوال کریں۔

<u>جناب پیر محمد خان</u>، جناب سپیکر صاحب! زه واک آوټ کوم۔ یو ضمنی سوال ته هم مے نه پریږدئ۔

(اس مرحلے پر معزز ممبر نے واک آوٹ کیا۔)

جناب ڈپٹی سپیکر، پیر محمد خان سے درخواست ہے کہ وہ اپنی سیٹ پر واپس چلے جائیں۔

جناب احمد حسن خان، جناب سپیکر! میں آپ کو اس کی وضاحت کرتا ہوں کہ انہوں نے پالیسی بیان کے طور پر یہ کہا تھا کہ جو پچھلی گورنمنٹ کی سکیمیں ہیں، ہم چونکہ ان کو Discriminate نہیں کرتے، ہم جانبدار نہیں ہیں تو اب کیا یہ ان کی پالیسی کے خلاف نہیں ہے؟ میں ان سے پوچھتا ہوں، یہ ضمنی سوال ہے کہ کیا یہ آنریبل لیڈر آف دی ہاؤس کے بیان کے خلاف نہیں ہے؟ ان کو غصہ نہ آئے تو کیا کریں بیچارے؟

جناب ڈپٹی سپیکر، آنریبل منسٹر نے حکومت کی پالیسی واضح کر دی ہے کہ جن سکیموں پر پچاس، ساٹھ پرسنٹ سے زیادہ خرچ ہو چکا ہے، اس پر -------

جناب احمد حسن خان، جناب سپیکر! کیا آنریبل منسٹر کی پالیسی ان کے لیڈر کی پالیسی کے برعکس ہے کہ ہم اس کو مان لیں کیونکہ انہوں نے Commitment کی تھی آن دی فلور آف دی ہاؤس کہ جو پچھلی گورنمنٹ کی سکیمیں ہیں، ہم نے ان کو Drop نہیں کیا ہے، Cancel نہیں کیا ہے کیونکہ ہم جانبدار رہنا نہیں چاہتے۔ یہ تو ان کی پالیسی کے خلاف ہے۔

جناب ہمایون سیف اللہ خان، سپیکر صاحب! احمد حسن صاحب بالکل ٹھیک کہہ رہے ہیں۔

جناب احمد حسن خان، آپ ان کی Winding up speech کا ریکارڈ دیکھیں۔

وزیر مواصلات و تعمیرات، سپیکر صاحب! جس پالیسی کے تحت یہ اے ڈی پی بنا ہے، میں نے واضح طور پر بتا دیا ہے۔ احمد حسن خان کی Ongoing schemes کیوں بند نہیں ہوئی ہیں؟ .They are still in ADP نجم الدین خان کی -------

Mr. Deputy Speaker: Welcome Pir Mohammad Khan. I hope you

will not ask any point of order.

جناب پیر محمد خان، جناب سپیکر صاحب! زما ورونړه ما پسے راغلل نو زه خکه واپس راغلم۔

* 345 _ جناب محمد ایوب خان آفریدی، کیا وزیر مواصلات وتعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ ــــ

(ا) آیا یہ درست ہے کہ تقریباً چار سال قبل شیر وان ہائر سیکنڈری سکول منظور ہوا تھا،

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکول پر تاحال کوئی کام نہیں ہوا،

(ج) اگر (ا) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو آیا حکومت مذکورہ سکول پر کام شروع کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

جناب یوسف ایوب خان(وزیر مواصلات وتعمیرات)، (ا) درست ہے۔

(ب) درست ہے۔

(ج) جب سکول مذکورہ کی پہلی دفعہ منظوری دی گئی تو اس وقت جگہ کا تعین نہیں کیا گیا تھا۔ موجودہ گرلز ہائی سکول کے ساتھ خالی رقبہ دستیاب نہیں تھا جہاں پر ہائر سیکنڈری سکول کی تعمیر ہو سکتی۔ چنانچہ متبادل جگہ موجودہ گرلز ہائی سکول سے تقریباً ایک کلو میٹر دور سرکاری رقبہ پر تجویز کی گئی جس کا تخمینہ بھی منظوری کیلئے بھیج دیا گیا ہے مگر تاحال محکمہ تعلیم کی طرف سے جگہ کی حتمی منظوری نہیں دی گئی اور نہ ہی نظر ثانی تخمینہ منظور کیا گیا ہے۔

جناب محمد ایوب خان آفریدی، جناب سپیکر صاحب! یہ میرا بہت اہم سوال ہے اور آپ سے گزارش کروں گا اور آج مجھے توقع اور امید ہے کہ میرے خیال میں 1992-93 ، 1993-94 میں آپ نے اس ہاؤس میں بیٹھ کر میرے اس سوال کی خود حمایت کی تھی اور

آج شکر الحمد اللہ آپ سپیکر کے منصب پر بیٹھے ہوئے ہیں اور آج میں گزارش کروں گا کہ آپ کی طرف سے واضح رولنگ ہونی چاہئے۔ جناب والا! میں آپ کی وساطت سے پورے ہاؤس کے معزز ممبران سے بھی یہ گزارش کروں گا کہ میرا واحد وہ بدنصیب حلقہ ہے جس میں ایک ہائر سیکنڈری بھی بچیوں کیلئے نہیں ہے۔ آپ کے حلقے میں کالج بھی ہیں' بشیر بلور صاحب' پشاور میں بہت کچھ ہے لیکن یہ ایک منظور ہوا اور اس میں یہ تجویز دی گئی کہ یہ اس جگہ پر بنایا جائے۔ اسمبلی میں بار بار یہ Question بھی میں کرتا رہا اور یقین دہانیاں بھی آتی رہیں' میں یہ نہیں کہوں گا کہ یہ سی اینڈ ڈبلیو کا قصور ہے' سی اینڈ ڈبلیو کے منسٹر کو بھی میں یہ نہیں کہوں گا کہ آپ نے نہیں بنایا ہے۔ یہ چونکہ سوال سی اینڈ ڈبلیو کا تھا تو میری آپ سے یہ گزارش ہے' اب جب سپیکر صاحب توجہ نہیں دیں گے تو کیا ہوگا۔

جناب احمد حسن خان، نہیں' آپ کے سوال پر وہ مانگ رہے ہیں۔

جناب محمد ایوب خان آفریدی، اچھا وہ مانگ رہے ہیں۔ تو شکریہ' کوئی فیصلہ آنے والا ہے۔ تو سر' میں عرض کروں گا کہ میرے اس سکول پر چار پانچ سالوں سے کام نہیں شروع ہو سکا جبکہ گورنمنٹ کی چوبیس کنال جگہ بھی موجود تھی تو انہوں نے یہ کہا کہ چونکہ ہائر سیکنڈری جہاں بنایا جاتا ہے' وہاں پر ایک پرنسپل ہوتا ہے ہائی کا بھی اور ہائر سیکنڈری کا بھی۔ میں نے ان کو یہ تجویز دی اور ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے اس کو مانا کہ موجودہ ہائی سکول بچیوں کا ہے اور وہاں پر اتنی زیادہ تعداد ہے یعنی سات' آٹھ سو بچیوں کی' اس کو مڈل ہی رہنے دیا جائے اور دو کمرے زیادہ بنا کر ان چوبیس کنال میں ہائر سیکنڈری کے ساتھ دو کمرے زیادہ بن جائیں تو یہ مڈل وہاں رہے گا اور میٹرک اور ہائر سیکنڈری وہاں پر جہاں پر ایک پرنسپل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ٹھیک ہے۔ اس کے بعد عرصہ گزر گیا۔ اب ایک نئی تجویز آئی ہے کہ اس سکول کے ساتھ بائیس لاکھ کی چھ کنال زمین خریدی جائے۔ میں عرض کرتا ہوں کہ چوبیس کنال میں اگر یہ بنایا جاتا تو آج دو تین سال سے بچیاں

وہاں تعلیم حاصل کرتیں۔ اب بھی انہوں نے ایک ایسا گورکھ دھندا اس میں ڈال دیا ہے' پچھتر مالکان ہیں اس زمین کے' کھاتہ شراکت میں چل رہا ہے' قبضہ ایک آدمی کا ہے۔ میرے خیال میں چھ سال تک پھر بھی وہ ہائر سیکنڈری نہیں بن سکے گا۔ میری آپ سے یہ گزارش ہے کہ میرے اس سوال پر آج آپ میرے ساتھ یہ مہربانی کریں' میرے حلقے کی بچیوں کے ساتھ یہ مہربانی کریں کہ سیکرٹری پی اینڈ ڈی' سیکرٹری ایجوکیشن اور سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو' Alongwith Ministers. کل میٹنگ کریں اور میرے اس سوال پر جو بھی فیصلہ کریں ------------

<u>جناب حمید اللہ</u>، پوائنٹ آف آرڈر' سر۔ دا تقریر دے او کہ Question دے؟

<u>جناب محمد ایوب خان آفریدی</u>، اسمبلی میں آ کر آپ کو پیش کیا جائے اور پھر آپ اس پر واضح احکامات صادر کریں۔ شکریہ جناب۔

<u>نوابزادہ محسن علی خان</u>، جناب سپیکر صاحب! یہ ایوب آفریدی صاحب نے جو تقریر فرمائی ہے' یہ بہت جائز ہے۔ ان کے ساتھ بڑا ظلم ہو رہا ہے اور ہم سب درخواست کرتے ہیں کہ منسٹر صاحب فوراً ان کا سکول بنائیں۔

<u>جناب محمد ایوب خان آفریدی</u>، سر! میں امید کرتا ہوں' محسن علی خان صاحب سے انصاف کی بات ہوئی ہے' واقعی انصاف کریں۔

<u>وزیر مواصلات و تعمیرات</u>، یہ آفریدی صاحب صحیح کہہ رہے ہیں۔ کافی ---------

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>، جناب آفریدی صاحب! آپ نے ایک سوال پوچھا ہے اور اگر آپ بات کرنا چاہتے ہیں تو ---------

<u>جناب محمد ایوب خان آفریدی</u>، شکریہ' سر۔

<u>وزیر مواصلات و تعمیرات</u>، کافی عرصہ سے یہ مسئلہ Pending پڑا ہوا ہے' Because یہ Site کا مسئلہ ہے۔ اب جو جواب مجھے دیا ہے' یہ جو پہلا گرلز ہائی سکول بنا ہوا ہے' اس کی

جو نئی Site یہ Propose کر رہے ہیں، وہ تقریباً ایک کلو میٹر دور ہے اور سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ نے ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کو یہ پورا کیس واپس بھیج دیا ہے اور ابھی تک ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے Approval of site بھی نہیں آئی ہے اور جو Revised cost estimates ہے، اس کی Approval بھی نہیں آئی ہے جس کی وجہ سے سی اینڈ ڈبلیو فی الحال بالکل Helpless ہے کیونکہ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کا پراجیکٹ ہے، پیسے ایجوکیشن کے ہیں، Site selection انہوں نے کرنی ہے، Cost approval انہوں نے کرنی ہے تو جب تک وہاں سے Approval نہیں آتی تو میرا خیال ہے کہ سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ ------------

نوابزادہ محسن علی خان۔ یہ تو بڑی عجیب بات ہے کہ جناب ایوب آفریدی صاحب گورنمنٹ کے اتنے Important Member ہیں اور ان کے حلقے میں وزیر صاحب فرما رہے ہیں کہ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ اور ان کے محکمے میں اتفاق نہیں ہے۔

وزیر مواصلات و تعمیرات۔ میرا خیال ہے کہ نوابزدہ صاحب پورے پاکستان کا دورہ کر کے آئیں --------

جناب احمد حسن خان۔ جواب انہوں نے ختم نہیں کیا ہے کیونکہ محکمہ کی طرف سے چٹ ابھی آئی ہے۔ اس سلسلے میں میرا ضمنی سوال یہ ہے جناب سپیکر، کہ -------

وزیر مواصلات و تعمیرات۔ میں نے اپنا Answer ختم ہی نہیں کیا تو ضمنی سوال کیسے بیچ میں ہو سکتا ہے؟ Kindly یہ چٹ اس کے ساتھ Concerning نہیں ہے۔ میں یہ بتا دیتا ہوں کہ باہر محکمہ نے لکھا ہے کہ جو Ten percent Canadians سے ڈیمانڈ کی گئی تھی، وہ 1995 میں کی گئی تھی، پچھلی حکومت میں کی گئی تھی، اس حکومت میں کسی نے ڈیمانڈ نہیں کیا۔ یہ لکھا ہوا ہے۔

جناب احمد حسن خان۔ جناب سپیکر! یہ محکمہ والے اپنے منسٹر کو Confuse نہ کریں۔ یہ

ان کو رات کے وقت بریفنگ دیا کریں۔ وہ کچھ اور خبر دے دیا کریں اور یہ کچھ اور دے دیں تو پھر کیا کریں گے؟ یہ تو غلط روایت ہے جناب سپیکر۔

وزیر مواصلات و تعمیرات، وہ Canadians کی جو Hand written application ہے، وہ میں احمد حسن خان کو بتا دوں گا اگر مجھے موقع دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر، آپ بات کریں۔ احمد حسن صاحب تو بڑے پیارے آدمی ہیں اور وہ بڑے پیار سے آپ کی توجہ دوسری طرف کرا رہے ہیں۔

وزیر مواصلات و تعمیرات، آفریدی صاحب نے جو Propose کیا ہے، میں اس کے ساتھ Agree کرتا ہوں۔ دونوں ڈیپارٹمنٹس یعنی ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ اور پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ، سی اینڈ ڈبلیو کا ڈیپارٹمنٹ بھی ساتھ بیٹھیں اور اس مسئلے کو فوری طور پر حل کریں لیکن The Education Department has to be there because it is the concerned department.

جناب ڈپٹی سپیکر، آفریدی صاحب! آپ اور محترم وزیر صاحب اور ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے وزیر صاحب اکٹھے کسی وقت بیٹھ جائیں اور اس مسئلہ کو حل کریں۔

جناب محمد ایوب خان آفریدی، یہ تو وزیر صاحب فرمائیں کہ کل یا پرسوں، کب بیٹھیں گے؟ پھر آگے رمضان بھی ہے، یہ چلے جائیں گے۔ Date کا تعین کر دیں، میں آ جاؤں گا۔ یہ کب بیٹھیں گے؟

جناب ڈپٹی سپیکر، یہ آپ آپس میں فیصلہ کر لیں۔

وزیر مواصلات و تعمیرات، یہ 31st کے بعد رکھ لیں گے۔

جناب احمد حسن خان، جناب سپیکر! اس کے متعلق میرا بڑا Relevant ضمنی سوال ہے۔ اگر اس دن آپ ہوتے تو میری خوش قسمتی ہوتی۔ DDAC Act پر عملدرآمد نہ کرنے کے سلسلے میں میری جو Privilege motion تھی جسے بعد ازاں محترم سپیکر صاحب نے

Call Attention میں Convert کیا، جس پر ابھی بھی مجھے اعتراض ہے لیکن آپ کا حکم بجا لانا، میرے جیسے لوگوں کی جناب سپیکر ذمہ داری بنتی ہے۔ میں ان سے یہ پوچھتا ہوں کہ کیا یہ غلطی اور اس قسم کی اور بہت ساری غلطیاں DDAC Act پر عملدرآمد نہ کرنے کی وجہ سے ہو رہی ہیں؟ یہ ذمہ دار منسٹر ہیں، مجھے جواب دیں۔ یہی وجہ ہے جناب سپیکر۔

وزیر مواصلات و تعمیرات، نہیں سپیکر صاحب، ایسی کوئی وجہ نہیں ہے۔ 1993 میں DDAC Act تھا۔ باقاعدہ ایم پی اے صاحب نے Site خود Identify کی تھی۔ ساری Details ہمارے پاس ہیں۔ اب جو بھی نئی Proposed Sites ہیں، وہ بھی Concerned MPA نے کی ہے۔

Mr. Deputy Speaker: Now I will request Honourable Member, Pir Muhammad Khan Sahib, MPA, to please ask his Question No. 359.

Haji Muhammad Yousaf Khan: Point of order.

جناب ڈپٹی سپیکر، جناب یوسف ترند۔

حاجی محمد یوسف خان، جناب سپیکر! د انسانی همدردئ والا خبره ده۔ په اخبار کښې راغلې دي "بٹگرام میں کتوں کے کاٹنے سے چالیس افراد باؤلے ہو گئے ہیں"۔ هلته جي ویکسین نشته نو دا د انسانی همدردئ خبره ده چه سپي لیوني شوي دي او بیا د سپو طریقه دا ده چه هغه نور سپي اوهرروي او بیا دغسې هغه ټوله علاقه او ټول قوم د هغې په لپیټ کښې راشي۔

جناب ڈپٹی سپیکر، آپ کی تجویز کیا ہے؟

حاجی محمد یوسف خان، زما تجویز دا دے چه هلته ویکسین نشته او منستران صاحبان د مهربان اوکړي چه فوراً بټگرام ته ویکسین اولیږي۔ خکه چه هلته

کبنی خلقو ته بے انتہا تکلیف دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر۔ ٹھیک ہے، آنریبل ہیلتھ منسٹر کو آپ کی یہ تجویز پہنچا دی جائیگی۔

Now Pir Mohammad Khan Sahib, please ask your Question No. 359.

* 359 _ جناب پیر محمد خان۔ کیا وزیر مواصلات و تعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ ــــ

(ا) آیا یہ درست ہے کہ خیر آباد اور نوشہرہ، مردان پل پر ٹول ٹیکس وصول کیا جاتا ہے۔

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ حکومت مذکورہ ٹول ٹیکس کی نیلامی کرتی ہے اور اسے اخبارات کے ذریعے مشتہر کیا جاتا ہے۔

(ج) اگر (ا) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو۔

(1) مذکورہ پلوں کی ٹول ٹیکس کی نیلامی کب ہوئی اور ٹھیکہ کس نے حاصل کیا۔

(2) گزشتہ سال اور موجودہ سال مذکورہ پلوں کا ٹھیکہ کتنی رقم کا دیا گیا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب یوسف ایوب خان(وزیر مواصلات و تعمیرات)۔ (ا) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) (1) خیر آباد پل کی نیلامی پہلی بار مورخہ 14,12, 16, 19, 21, 23، 26 اور 28 مئی 1997 کو مقرر کی گئی جس میں کسی نے حصہ نہیں لیا۔ پھر نیلامی مورخہ 7، 11، 13، 16، 18 جون کو کی گئی۔ 18 جون کی بولی میں تین ٹھیکیداروں نے حصہ لیا جس میں سب سے زیادہ بولی دو کروڑ، بیس لاکھ، پچاس ہزار موصول ہوئی جو کہ نا منظور کی گئی۔ پھر نیلامی 23 جون 1997 کو کی گئی جس میں دو کروڑ، انتیس لاکھ، پچاس ہزار کی بولی وصول ہوئی۔ یہ ہدف گزشتہ سال کے مقابلے میں کم تھا کیونکہ ٹرانسپورٹروں نے ٹیکس دینے سے انکار کیا۔ سابقہ

دور کے دو ٹھیکیداروں نے ٹھیکہ نا مکمل چھوڑا۔

(2) خیر آباد پل کے گزشتہ سال کا ٹھیکہ مبلغ تین کروڑ، دس لاکھ روپے منظور ہوا تھا جبکہ موجودہ سال یعنی 1997-98 کا ٹھیکہ مبلغ دو کروڑ، انتیس لاکھ، پچاس ہزار منظور ہوا ہے۔ موجودہ سال ٹھیکہ میں کمی کی وجوہات اوپر بیان ہو چکی ہیں۔ اسی طرح نوشہرہ پل کے گزشتہ سال کا ٹھیکہ ایک کروڑ، دس لاکھ روپے تھا جبکہ اس سال ٹھیکہ مبلغ ایک کروڑ، چھ لاکھ، بیس ہزار پر دیا گیا ہے لیکن ٹرانسپورٹروں کی طرف سے مقررہ حد سے کم وصولی کی بنا پر ٹھیکیدار ٹھیکہ چھوڑ کر چلا گیا ہے۔

جناب پیر محمد خان، یہ میرا سوال ہے لیکن سپیکر صاحب مجھے ضمنی سوالات کی اجازت نہیں دیتے، اسلئے میں کوئی سوال نہیں پوچھوں گا۔

Mr. Deputy Speaker: Thank your very much.

جناب احمد حسن خان، جناب! مجھ تک یہ بات پہنچ چکی ہے کہ اس پل کے ٹھیکیدار کو ٹھیکہ کی رقم ملنے کے سلسلے میں وزیر موصوف عمومی طور پر اور وزیر اعلیٰ صاحب خصوصی طور پر دلچسپی لے رہے ہیں اور ایک واقعہ یہ بھی ہے کہ چیف منسٹر صاحب خود پل کے ساتھ کھڑے ہو گئے اور ان سے کہا ہے کہ میرے سامنے Recovery کریں۔ یہ میرا جو شک ہے، یہ کس حد تک حقیقت پر مبنی ہے؟ مجھے منسٹر صاحب بتائیں۔

Mr. Deputy Speaker: Honourable Minister for C&W.

وزیر مواصلات و تعمیرات، چیف منسٹر پل پر کبھی نہیں گئے اور میں خود گیا تھا جس وقت اس کی Tool collection C&W کر رہا تھا۔ پل کی Auction نہیں ہوئی۔ تقریباً ستر ہزار روپے دن کی Income سے سات، آٹھ ہزار روپے دن کی income تک آ گئی تھی جس کی وجہ سے میں نے ایڈمنسٹریشن یعنی ڈپٹی کمشنر اور ایس پی کو، کیونکہ گورنمنٹ کو تقریباً دن کا Sixty, sixty five thousand rupees loss ہو رہا تھا اور وجہ یہ تھی

کہ ٹرانسپورٹرز ' Specially commercial transporters, میں وہاں خود ایک گھنٹہ دیکھتا رہا اور جو کوئی آدمی بھی ٹول مانگنے جاتا تھا' They refused to pay a penny اور کہتے یہ تھے کہ اخباروں میں آ گیا ہے کہ سارے Bridges free ہو گئے ہیں اور کسی قسم کا ٹیکس نہیں دیا جائے گا۔ پھر ہم نے وہاں پولیس Deploy کی تین چار دن کیلئے اور سب کو سمجھایا کہ یہ گورنمنٹ کا ٹیکس ہے' .Every one has to pay the tax

جناب احمد حسن خان، جناب سپیکر! حاجی پیر محمد صاحب میرے بزرگ ہیں' میرے دوست ہیں۔ میں ان پر شک نہیں کرتا لیکن میں کہتا ہوں کہ شاید منسٹر اور ان کے درمیان کوئی لین دین ہوا ہے ورنہ یہ بہت اہم سوال ہے اور میں جناب سپیکر' یہ حق رکھتا ہوں کہ اس سلسلے میں آؤں۔ میرے خدشات ہیں جو حقیقت پر مبنی ہیں اور میں Proper motion کے ذریعے آؤں گا۔ جناب سپیکر! اس میں Kickbacks ہو رہے ہیں۔

وزیر مواصلات و تعمیرات، پیر محمد خان سے پوچھ لیں کہ کتنا لین دین ہوا ہے؟

جناب احمد حسن خان، شاید منسٹر صاحب کو علم نہ ہو' میں جانتا ہوں کہ یہ ایماندار اور اچھے آدمی ہیں لیکن کچھ ہو رہا ہے۔ ایسا نہ ہو کہ ان کے نام پر' It should be on the record.

جناب ڈپٹی سپیکر، محترم احمد حسن صاحب! میں آپ کا بڑا مشکور ہوں کہ پیر محمد صاحب مجھ پر ناجائز غصہ کر رہے تھے۔

جناب سلیم سیف اللہ خان، جناب سپیکر! ضمنی سوال ہے وزیر صاحب سے کہ جو پیر محمد خان نے فرمایا ہے' اس کا جواب آ گیا ہے لیکن کیا ان کو اس بات کا علم ہے کہ مختلف مقامات پر ضلعی انتظامیہ نے خود ٹیکس لگا دیئے ہیں' مختلف Bridges پر؟ اب اگر آپ بنوں سے نکلیں اور کوہاٹ کی طرف آئیں تو وہاں ایک پل ہے' پل کیا ہے بلکہ پائپ رکھے ہیں اور ایک Cause-way بنایا ہے اس کے اوپر' بغیر کسی اجازت کے انہوں نے ٹیکس

لگا دیا ہے تو یہ کیا Government within Government ہے؟ کیا ان کو اس بات کا علم ہے؟

وزیر مواصلات و تعمیرات، سپیکر صاحب! یہ غالباً اکرم خان درانی صاحب کا سوال تھا، Sorry. باز محمد خان کا تھا' میں اس کا جواب پہلے دے چکا ہوں' غالباً سلیم خان کو اس کی تفصیل کا پتہ نہیں۔

جناب اکرم خان درانی، سپیکر صاحب! که مخکښې زه خبره اوکړمه نو بیا به منسټر صاحب جواب ورکړي۔

Mr. Deputy Speaker: Let him finish first.

جناب اکرم خان درانی، جناب سپیکر صاحب! په کومه ورځ چه زمونږ Call Attention Notice وو، Cause-way دے، پُل خو ورته مونږ نه شو ونیلے، نو په هغه ورځ باندے زه په چهټئ باندے ووم خو ما بیا هم تاسو ته Call Attention Notice درکړے وو۔ حقیقت دا دے چه دومره د شرم خبره ده چه بانیس لاکه روپئ په دے لګیدلے دي، هغے کښې دس لاکه روپئ ډسټرکټ کونسل ورکړے دي، پانچ لاکه روپئ اے۔ ډے۔ ۱ے۔ میران شاه ورکړے دي او څه تین لاکه روپئ ډپټی کمشنر لکی ورکړے دي۔ اوس هلته کښې اشتهارونه لګیدلے دي او بینرز لګیدلے دي د دے ټیکس خلاف او په دے ملک کښې که چرته داسے شوے وي چه د بانیس لاکه روپو کار شوے وي او په هغے باندے ټیکس لګیدلے وي نو دا خو د دے حکومت ډیره غټه د بے عزتئ خبره ده۔ زمونږ دا ګزارش دے چه دا ټیکس په څه طریقے سره لګیدلے دے؟ پیسے پرے لګیدلے دي د ډسټرکټ کونسل او روډ د نیشنل هائی وے دے۔ اوس هلته چه کومه ټهیکه شوے ده، هغه هم ډپټی کمشنر بنوں چه کوم

ایڈمنسٹریٹر هم دے، هغوی کرے ده او دا ډیره عجیبه غوندے خبره ده۔ منسٹر صاحب ته زمونږ Special request دے چه هلته خلقو پرے دومره بده منلے ده او دا شے دِ دوئ واپس کړی۔ زمونږ په دسترکټ کونسل کښې اوس هم پیسے پرتے دی نو که څه ضرورت وی یا د دسترکټ کونسل نه ورکړی او یا د نیشنل هائی وے نه ورکړی خو پلیز دا ټیکس دِ دوئ واپس کړی۔

جناب ڈپٹی سپیکر۔ آنریبل پیر محمد خان صاحب! کیا آپ آنریبل ممبر، احمد حسن خان کی بات کے بعد اپنی چپ کا روزہ توڑیں گے؟

جناب احمد حسن خان۔ میں آپ کا مشکور ہوں جناب سپیکر۔ میں نے بہت منت سماجت کی لیکن معاملہ ان کے درمیان بہت بھاری ہے۔ (قہقہہ)

جناب پیر محمد خان۔ جناب سپیکر صاحب! احمد حسن خان بھی میرے بھائی اور دوست ہیں اور یوسف ایوب خان بھی میرے دوست اور بھائی ہیں لیکن چونکہ سپیکر صاحب، آپ نے میرے ایک اہم سوال پر ضمنی سوال کا موقع نہیں دیا، اسلئے میں بطور احتجاج بیٹھا تھا اور کوئی بات نہیں تھی۔

Mr. Deputy Speaker: Honourable Minister, please.

وزیر مواصلات و تعمیرات۔ The mover is satisfied. اس میں ہم نے ساری Details جاتی ہوئی ہیں کہ کتنی دفعہ اس Bridge کی Auction ہوئی ہے And no one turned up. باقی سلیم خان کا جو سوال تھا اور وہ بنوں کے Causeway کی بات جو درانی صاحب بھی کر رہے ہیں۔ اس دن باز محمد خان کو میں نے تفصیلاً جواب بھی دیا تھا۔ ایک جرگہ بنوں کے Notables کا جس میں غالباً ابھی I am not sure whether ایم پی ایز صاحبان تھے یا نہیں؟ Public Representatives were there or not? مجھے اس بات کا پتہ نہیں ہے، چیف منسٹر کو جون یا جولائی میں آ کر ملے تھے اور جرگے کی

طرف سے یہ فیصلہ ہوا تھا کہ چونکہ یہ National Highway کا Ongoing project ہے اور کام بند ہوا ہے۔ محسن علی خان' آپ ذرا سن لیں۔ جرگے نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ آپ ہمیں Loan کے طور پر پیسے دیں اور جب تک یہ بائیس لاکھ پورے نہیں ہوتے' باقاعدہ اس Causeway پر آپ ٹول ٹیکس لگا دیں Just to collect those twenty lacks یا اس پر جتنا خرچ آئے گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر، محترم باز محمد خان۔

جناب باز محمد خان، محترم سپیکر صاحب! په هغه ورخ باندے هم زما یو Call Attention Notice وو په دے باندے۔ زمونږ منسټر صاحب ډیر شریف سړے دے، هغوی ما ته یقین دهانی راکړے وه خو دا کومه خبره چه دوئ کوی نو ما هغه ورخ باندے هم ذکر کړے وو چه جرګه ضرور ملاؤ شوے ده چیف منسټر صاحب سره او کمشنر صاحب سره خو په هغه جرګه کښې داسے هیڅ څه فیصله نه ده شوے چه مونږ ورسره دا تسلیم کړے وی چه دغه پُل باندے تاسو ټیکس اولګوئ۔ هیڅ څه داسے فیصله مونږ نه ده کړے او زه دا یو Request کومه د منسټر صاحب په خدمت کښې ستاسو په وساطت سره چه دا پل په اکیس لاکه یا چه په څومره باندے جوړ شوے وی، اکرم خان تاسو ته اووئیل چه په دے لس لکهه روپئ خو د ډسټرکټ کونسل نه تلے دی، څلور لاکه روپئ د نارتهـ وزیرستان پولیټیکل ایجنټ ورکړے دی او څه ډپټی کمشنر لکی ورکړے دی۔ داسے پلونه خو زمونږ د کپ فنډ نه مونږ په خپلو علاقو کښې جوړ کړے دی چه پنځلس لاکه، انیس لاکه، اتهاره لاکه پرے لګیدلے دی۔ که دا سلسله شروع شی جی نو دا پلونو چه کوم کلو ته مونږ جوړ کړے دی، دے باندے به هم بیا ټیکس لګوؤ او بله خبره دا ده چه په دے باندے

ضرورت څه دے چه ټیکس لګوئ؟ هلته مونږ ته دومره غوبل جوړ شوے دے چه دلاء اینډ آرډر مسئله جوړه شوے ده۔

جناب ڈپٹی سپیکر. آنریبل منسٹر صاحب! ان کے مسئلے کا کوئی حل نکالیں۔

وزیر مواصلات و تعمیرات. سپیکر صاحب! میں Request کرتا ہوں کہ یہ جو کہہ رہے ہیں جرگے کے بارے میں' یہ As a loan دیا گیا ہے اور جرگے نے خود یہ ڈیمانڈ کیا ہے۔ نیشنل ہائی وے کے پراجیکٹ میں ڈسٹرکٹ کونسل بنوں کا کیا تعلق ہے؟ میران شاہ کے پولیٹیکل ایجنٹ یا ڈپٹی کمشنر لکی مروت کا کیا تعلق ہے؟ بلکہ یہ Emegency basis پر لوگوں کے ریلیف کیلئے ---------

جناب ڈپٹی سپیکر. یہ جو Loan دیا گیا ہے تو چاہئے کہ نیشنل ہائی وے والوں سے واپس لیا جائے۔

Nawabzada Mohsin Ali Khan: Very delicate.

وزیر مواصلات و تعمیرات. وہاں جو Bridge بننا ہے تو اس سلسلے میں ہماری نیشنل ہائی وے کے چیئرمین کے ساتھ میٹنگ ہوئی ہے اور انہوں نے Commit کیا ہوا ہے کیونکہ سکیم رُکی ہوئی ہے اور اس کو وہ Finance --------

جناب ڈپٹی سپیکر. نہیں' مسئلہ یہ ہے کہ یہاں Bridge نیشنل ہائی وے والوں نے بنانا ہے اور وہ کسی وجہ سے لیٹ ہو رہا ہے۔

وزیر مواصلات و تعمیرات. وہ Lack of funding کی وجہ سے لیٹ ہو رہا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر. کیا اس جگہ پہلے کوئی Bridge تھا؟ نہیں تھا۔ ایک عارضی پل بنانے سے ---------

وزیر مواصلات و تعمیرات. Causeway بنایا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر۔ Causeway بنایا ہے تو چاہئے کہ پراونشل گورنمنٹ اس کا خرچ برداشت کرے یا نیشنل ہائی وے والے برداشت کریں۔

وزیر مواصلات و تعمیرات۔ جناب سپیکر! پراونشل گورنمنٹ کیسے برداشت کرے؟

جناب ڈپٹی سپیکر۔ اکرم خان درانی! آپ بات کریں۔

جناب اکرم خان درانی۔ جناب سپیکر صاحب! میں اردو میں بات کرتا ہوں شاید منسٹر صاحب پشتو صحیح سمجھ نہ سکیں۔ ایک تو افسوس کی بات یہ ہے کہ میں بھی اس جرگے میں تھا اور باز محمد خان بھی اس جرگے میں تھے اور ہم اتنا جھوٹ نہیں بول سکتے ایک ذمہ دار آدمی کی حیثیت سے یا ایم پی اے کی حیثیت سے --------

جناب احمد حسن خان۔ جناب سپیکر! اس سے تو ایک اور شک پیدا ہوتا ہے کہ اتنا جھوٹ' کیا وزیر موصوف کی طرف اشارہ ہے یا کیا بات ہے؟

جناب اکرم خان درانی۔ میں اس کی وضاحت کروں گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر۔ جناب احمد حسن صاحب! آپ کے بنچز میں آج کل بڑے شک و شبے کی فضا ہے۔

جناب احمد حسن خان۔ جناب سپیکر! اگر یہی صورتحال جاری رہی تو یہ شک یقین میں بدل جائے گا انشاء اللہ۔

جناب اکرم خان درانی۔ وزیر صاحب نے یہ کہا ہے کہ جرگے نے ان کے ساتھ Commitment کی ہے کہ آپ اس پر لگا لیں' اگر یہ ثابت ہوگیا' جو ان کے الفاظ ہیں کہ میں نے یا جرگے نے یا باز محمد خان نے چیف منسٹر صاحب کے ساتھ یہ بات کی ہو' تو ایمان سے یہ بائیس لاکھ روپے میں اور باز محمد خان ادا کریں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر۔ محسن علی خان! آپ بات کریں۔

نوابزادہ محسن علی خان، جناب سپیکر صاحب! آپ دوآبہ پل پر چلے گئے جس پر تقریباً بیس' بائیس لاکھ روپیہ خرچ ہوا ہے۔ یہ کہہ رہے ہیں کہ پیر محمد خان صاحب اس جواب سے مطمئن ہیں' ہم بالکل اس سے مطمئن نہیں ہیں۔ پچھلے سال اس پل کو تین کروڑ ' دس لاکھ پر دیا گیا تھا اور اس سال یہی پل دو کروڑ ' انتیس لاکھ پر یعنی اکیاسی لاکھ اس میں کمی آ گئی ہے اور یہ کہتے ہیں کہ ہم مطمئن ہیں۔ میرے خیال میں جناب سپیکر' We would like to know کہ اکیاسی لاکھ روپے کم پر کس نے دیا' کیوں دیا اور یہ کیوں ہوا؟ میرے خیال میں یہ سوال آپ کمیٹی کو ریفر کریں کیونکہ گورنمنٹ کے جو رولز ہیں -----

Minister for Communication &Works: I have no objection.

نوابزادہ محسن علی خان، کیونکہ گورنمنٹ کے جو رولز ہیں' اس میں Always ten percent increase ہونی چاہئے' یہ تو اکیاسی لاکھ روپے کم ہو گئے ہیں۔

جناب باز محمد خان، زه یوه خبره کوم- محسن علی صاحب په بله لاره- زه دا خبره کومه چه زمونږ دے پل باندے ډیره زیاته تنازعه ده- هلته ډیر خلق مشتعل شوی دی نو زما Request دا دے چه هغه ساعته پورے دِ دا ټیکس بند کړے شی- کمیټی دِ راوغبتے شی او کمیټئ کښ دِ دا فیصله اوشی چه آیا په دے پل باندے دا ټیکس لګیدل پکار دی او که نه؟ په کمیټئ کښ دِ دا فیصله اوشی او تر هغه ساعته پورے دِ دا ټیکس بند کړے شی-

جناب ڈپٹی سپیکر، آنریبل باز محمد خان اور آنریبل اکرم خان درانی کا جو مسئلہ ہے' وہ Question پل کے حوالے سے ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر محترم وزیر صاحب کو اعتراض نہ ہو تو اس مسئلے میں چونکہ وزیر صاحب کا یہ کہنا ہے کہ جرگے میں یہ فیصلہ ہوا تھا اور دو آنریبل ممبرز یہ کہتے ہیں کہ جرگے میں یہ فیصلہ نہیں ہوا تھا تو اس کو کمیٹی میں Suo-moto لے لیتے ہیں چونکہ یہ On agenda question تو نہیں ہے' اس کو ہم لے لیتے

ہیں۔

<u>وزیر مواصلات و تعمیرات</u>، سپیکر صاحب! میں تھوڑی سی وضاحت کر لوں اور وہ یہ کہ

This question does not concerned with C & W in any way. The funds

روڈ اور were given by the local Bodies, by the district administration

N.H.A کا ہے۔ چونکہ Question مجھے Address کیا گیا ہے اور جو جواب مجھے ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کی طرف سے ملا ہے' وہ میں نے دیا ہے۔ I have no objection اگر یہ کمیٹی میں جاتا ہے۔

<u>جناب اکرم خان درانی</u>، جناب سپیکر صاحب! هغے پورے چه دا سوال کمیټیٔ ته ځی نو تاسو دا هدایات جاری کړئ جی -------

<u>Minister for Communication & Works:</u> Speaker Sahib! it can not go to the C & W Committee. It has nothing to do with C & W.

<u>جناب باز محمد خان</u>، جناب سپیکر! زما دا Request وو چه که دا تاسو کمیټیٔ ته Refer کوئ او هغه وخته پورے چه تر څو پورے کمیټیٔ په دے باندے فیصله نه وی کړے، نو هغه ټیکس دِ نه اخلی۔

<u>Minister Communication & Works:</u> I do not agree with that.

<u>نوابزادہ محسن علی خان</u>، What about eighty one lacks. Janab Speaker Sahib? یہ جو اکیاسی لاکھ ---------

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>، ہاں' وہ آپ جواب دیں۔

<u>وزیر مواصلات و تعمیرات</u>، سپیکر صاحب! محسن علی خان نے میرے خیال میں جواب پڑھا نہیں ہے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>، وہ اردو پڑھ نہیں سکتے ہیں۔

<u>وزیر مواصلات و تعمیرات</u>، 12، 14، 16، 19، 21، 23 اور 28 مئی کو یہ Auctions ہوئی ہیں اس پل کیلئے، کوئی Bidder نہیں آیا۔ پھر اس کے بعد 7th، 11th، 13th اور 16th جون 1997 کو Bidding ہوئی ہے، کوئی نہیں آیا۔ بعد میں جب آخری دفعہ Auction ہوئی تو دو کروڑ، اننتیس لاکھ، پچاس ہزار روپے کی Highest Bid آئی تھی کیونکہ Mohsin Ali Khan is absolutely right. وہ 10% کے --------

<u>نوابزادہ محسن علی خان</u>، Janab Speaker Sahib! what is the reason? جب سے یہ پل بنا ہے، ہر سال اس کا Auction ہوتا ہے، ٹریفک بڑھ رہی ہے اور لوگ آ رہے تھے۔ تین کروڑ، دس لاکھ روپے پر یہ پل دیا گیا تھا اور کیا وجہ ہے کہ ان کی حکومت آئی اور کوئی Bidder نہیں آ رہا ہے؟ یہ کہہ رہے ہیں۔ لوگ بے روزگار بیٹھے ہوئے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ کوئی نہیں آ رہا۔

<u>وزیر مواصلات و تعمیرات</u>۔ تین کروڑ، دس لاکھ روپے جس Contractor نے سال کیلئے Bid کیا تھا، وہ پورا سال Complete نہیں کر سکا۔ نقصان کی وجہ سے اپنی سیکورٹی بھی چھوڑ کر بھاگ گیا ہے۔ Competition میں آ کر اس نے بہت High bid کی تھی اور Contract کے آخری مہینوں تک وہ نہیں پہنچا تھا۔ مجھے جواب تو دینے دیں پھر یہ بات کریں۔

<u>Nawabzada Mohsin Ali Khan</u>: He has already said that I have no objection if it goes to the committee.

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>، نوابزادہ صاحب! آپ انہیں بات تو مکمل کرنے دیں۔

<u>Minister for Communication & Works</u>: Yes , I have no objection. There is no problem if it goes.

<u>Nawabzada Mohsin Ali Khan</u>: He is a very descent Minister. He

does not have any objection on any thing.

سردار غلام نبی، جناب سپیکر صاحب! اگر اس قسم کے سوال کمیٹی کو پیش کئے جاتے رہے تو کمیٹیوں پر لاکھوں روپے لگیں گے اور یہ سوال Simple ہے کہ بار بار Auction کیا گیا ہے تو اگر ایک آدمی کو ایک چیز نہیں Suit کرتی تو وہ نہیں آیا-----

جناب احمد حسن خان، سرکاری خزانے کو اسی لاکھ کا نقصان پہنچانے کا معاملہ ہے کیونکہ یہ چیف منسٹر رہے ہیں۔ چیف صاحب خدا کیلئے محکمہ کو نہ بچائیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر،

Mr. Deputy Speaker: The Honourable Minister concerned says he has got no objection. So, is it the desire of the House that Question No. 359, asked by Pir Muhammad Khan, MPA, should be referred to the concerned Committee?

(The motion was carried.)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The Question is referred to the conscerned Committee.

نوابزادہ محسن علی خان، یہ تو خود چیف انجینئر رہ چکے ہیں سی اینڈ ڈبلیو کے۔

Mr. Deputy Speaker: Now, I request Honourable Member, Janab Zareen Gul Khan Sahib, to please ask his Question No. 372.

ملک جہانزیب، پوائنٹ آف آرڈر۔ زه ستاسو پام یو اهمے خبرے ته راگرخول غوارم۔

جناب ڈپٹی سپیکر، ما یو Request کرے وو چه پوائنٹ آف آرډرز به د Questions' Hour نه پس اخلو گنی نو دا Questions' Hour ختمیږی او دا

سوالونه به پاتے شی۔

ملک جہانزیب، دا جی یوه اهمه مسئله ده۔۔۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر، تی بریک نه پس به ئے واخلو۔ زرین گل خان!

ملک جہانزیب، جناب سپیکر! دیره اهمه مسئله ده۔ زما استحقاق مجروح شوے دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر، ملک صاحب!

ملک جہانزیب، میرا استحقاق مجروح ہوا ہے' جناب۔

جناب ڈپٹی سپیکر، آپ ٹی بریک کے بعد اپنا استحقاق پیش کریں پلیز' ورنہ یہ Questions lapse ہو جائیں گے۔ آپ کو ٹی بریک کے بعد پورا موقع دیں گے۔ میری ایک Request ہے کہ جب یہ Question ہو' اس دوران جتنے بھی ضمنی Question ہوں' آپ کر دیجئے تاکہ محترم وزیر صاحب ایک ہی وقت میں جواب دے دیں۔

*372 _ جناب زرین گل، کیا وزیر مواصلات وتعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(ا) آیا دربند تھاکوٹ سڑک محکمہ نے اپنی تحویل میں لے لی ہے اور یہ سڑک 1988-89 میں مکمل ہوئی لیکن تاحال اس کی بلیک ٹاپنگ نہیں ہوئی' وجوہ بیان کی جائیں،

(ب) آیا یہ درست ہے کہ مذکورہ سڑک دربند تھاکوٹ علاقہ کے لوگوں کی آمد و رفت کا واحد ذریعہ ہے،

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سڑک سلائیڈ نگ کے باعث بند رہتی ہے،

(د) اگر (ب) و (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ سڑک محکمہ کے حوالے ہونے کے بعد کتنی مرتبہ سلائیڈنگ کے باعث بند ہوئی اور سڑک کی کشادگی پر تاحال سالانہ کتنا

خرچہ آیا ہے،

(ہ) آیا مذکورہ سڑک کی دیکھ بھال کیلئے روڈ کا عملہ موجود ہے' اگر نہیں تو وجوہات بیان کی جائیں؟

<u>جناب یوسف ایوب خان</u>(وزیر مواصلات وتعمیرات)، (ا) دربند تھاکوٹ سڑک محکمہ مواصلات وتعمیرات تعمیر کر رہا ہے۔ اگرچہ یہ سکیم اے ڈی پی میں شامل رہی ہے تاہم دو سالوں سے اس کیلئے فنڈز مہیا نہیں کئے گئے' اسلئے شنگل روڈ بھی ابھی تک مکمل نہیں ہو سکی۔ جہاں تک اس کی بلیک ٹاپنگ کا تعلق ہے' یہ شنگل روڈ مکمل ہونے کے بعد ہی شروع ہو سکتا ہے۔

(ب) جی ہاں' یہ درست ہے۔

(ج) جی ہاں' یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سڑک اکثر و بیشتر متعدد جگہوں پر سلائیڈنگ کے باعث بند ہوتی رہتی ہے جس کو محکمہ کھول کر آمد و رفت کے قابل بناتا ہے۔

(د) خرچہ کی تفصیل درج ذیل ہے،

سال 1996-97 کے دوران 60,000/ روپے

سال 1997-98 کے دوران 25.000/ روپے

(ہ) مذکورہ سڑک ابھی تک نامکمل ہے' اسلئے روڈ کا عملہ متعین نہیں ہوا۔

<u>جناب زرین گل</u>، شکریه، جناب سپیکر- محترم سپیکر صاحب! د جز (ا) په جواب کښې محکمے دا وئیلے دی چه دا سکیم په اے ډی پی کښې وو- دوه کاله د دے اوشو چه دے له فنډزنه ورکوی- محترم سپیکر! دربند تهاکوټ روډ په کاله ډهاکه کښې Right Bank River Indus باندے چوراسی کلومیټر اوږد سړک جوړ دے- دا دفاعی نقطه نظر باندے هم ډیر د اهمیت حامل روډ دے- دے باندے تقریبا درے لکهه آبادی ده- Completion period د دے 1988-89 وو-

لس کاله اوشو، دا مکمل نه شو چرته پلونه، Drains، کلوتسے، دا ټولے نیمگړے دی۔ زه د محترم وزیر صاحب نه د دے یقین دهانی غواړم چه آئنده د دے د پاره څه پروگرام شته، څه پروگرام لری؟ شکریه جی۔

Mr Deputy Speaker: Honourable Minister for C & W.

جناب محمد ایوب خان آفریدی، سر! میں اس کو پڑھ لوں تو پھر میرے خیال میں یہ بات کر لیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر، جی، جی۔

جناب محمد ایوب خان آفریدی، جناب! یہ جو درہند تھاکوٹ روڈ ہے، اس کا Actual نام چھپر روڈ ہے۔ یہ ہری پور سے شروع ہوتی ہے اور تھاکوٹ تک جاتی ہے۔ اس سلسلے میں میں نے اور محترم زرین گل صاحب نے ایک قرارداد بھی پیش کی تھی کہ اس کو نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے حوالے کیا جائے۔ سر! اس کا پس منظر، ایک منٹ کیلئے آپ سے ٹائم لوں گا، ضروری ہے اسلئے کہ یہ متبادل روڈ تھا تربیلہ ڈیم کا۔ تربیلہ ڈیم بننے کے بعد واپڈا نے ایک متبادل روڈ بنایا تھا اور اس وقت ہماری قرارداد اسلئے منظور نہ ہوسکی کیونکہ اس وقت کے ایک منسٹر صاحب نے اس کی مخالفت کی تھی۔ وہاں پر جو کام ہو رہا تھا، اس میں شاید ان کے کوئی رشتہ دار ٹھیکیدار تھے۔ نہیں تو ہم نے کہا تھا کہ یہ سڑک چلی جاتی نیشنل ہائی وے اتھارٹی کو، تو یہ کبھی بھی نہیں بنے گی۔ آج بھی میری یہ گزارش ہے کہ جب تربیلہ ڈیم کے متبادل یہ روڈ بنا ہے تو نیشنل ہائی وے اتھارٹی کیلئے ہم نے پھر ایک قرارداد جمع کی ہوئی ہے، وہ آج تو نہیں لیکن پتہ نہیں پھر کب اجلاس ہوگا، اگر آج کے اجلاس میں آ جائے اور وہ قرارداد منظور ہو جائے کہ یہ نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے حوالے کی جائے تو میرے خیال میں یہ بہتر ہوگا۔

Mr. Deputy Speaker: Honourable Minister for C & W.

وزیر مواصلات و تعمیرات۔ شکریہ۔ سپیکر صاحب! درہند۔ تھاہ کوٹ روڈ، چھپر روڈ جو کہ
This is ہے زرین گل خان کا، خاص طور سے ان کے ایریا کیلئے Very important road
ہماری یہ کوشش ہوگی one of the main communication roads for that area.
کہ اس سکیم کو ہم Fully fund کرکے اس کو Completion کی طرف لیکر جائیں۔ (تالیاں)

Mr. Deputy Speaker: Thank you. Now I will request Akram Khan Durrani, MPA, to please ask his Question No. 384.

* 384 _ جناب اکرم خان درانی۔ کیا وزیر مواصلات و تعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ ___

(ا) سال 1994 سے لیکر 1997 تک ضلع بنوں کو سالانہ مرمت کی مد میں کل کتنا فنڈ دیا گیا ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) مذکورہ فنڈ کو ضلع بنوں میں کہاں کہاں مرمت پر خرچ کیا گیا۔ نیز ہر کام پر کتنی رقم خرچ ہوئی، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب یوسف ایوب خان (وزیر مواصلات و تعمیرات)۔ (ا) اس عرصہ میں ضلع بنوں کو مرمت کیلئے مبلغ 10067,484 روپے فراہم کئے گئے ہیں۔ (تفصیل اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔)

(ب) مختلف کاموں پر خرچہ کی تفصیل اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

جناب اکرم خان درانی۔ جناب سپیکر! میں منسٹر صاحب سے یہ ضمنی سوال پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا سالانہ مرمت کے کام سے نیا کام بھی ہو سکتا ہے؟ نیا روڈ بنے اسی سے اور اس کے بعد اس میں سے شنگل کے روڈ ایک سے سو تک بنائے گئے ہیں۔ تو آیا سالانہ مرمت

کے کام سے شنگل روڈ بھی تعمیر ہو سکتے ہیں، نئے روڈ؟

جناب ڈپٹی سپیکر، محترم ممبر صاحب نے یہ پوچھا ہے کہ سالانہ مرمت کے فنڈ سے شنگل روڈ کی تعمیر ہو سکتی ہے؟

جناب باز محمد خان، محترم سپیکر صاحب! دے کښې زما هم يو ضمنی سوال دے۔ زه وايم چه بيا به وزير صاحب د دوارو جواب ورکړی۔

Mr Deputy Speaker: Please, Janab Baz Muhammad Khan Sahib.

جناب باز محمد خان، دے کښې که دوئ دا لسټ اوګورى نو Double ذکر دے لکه د ملک ولی الزمان کلی يو روډ دے په 12th number باندے او بيا روستو که تاسو اوګورئ نو په ون نمبر باندے بيا دغه روډ دے۔ بل دے 'Shingling of 'road Muhammad Khel Mansoori' دا هم داسے دے۔ دا بل 'Shingling of

دا road off taking from Havem Jani Khel road to Haji Sher Wali Killi'.

دوه درے خله په يو هفه کښې راغلے دی او زه نه پوهيږمه چه په دے باندے بار بار دا پيسے لګيدلے دی که څه حال دے؟

Mr. Deputy Speaker: Honourable Minister for C & W.

وزیر مواصلات و تعمیرات، سپیکر صاحب! اصولی طور پر تو M&R is for mainten-ance and repairs. New schemes cannot be included according to the book ایسی کوئی Irregularity ہوئی ہے تو یہ Point out کریں تو ہم کم از کم Concerned Department کے لوگوں کی Explanation تو Call کر سکیں کہ M&R تو Repairs کیلئے ہوتا ہے، نئی سکیم آپ کہاں سے شروع کر رہے ہیں؟ I am ready for that.

جناب اکرم خان درانی، جناب سپیکر! ابھی باز محمد خان صاحب نے بھی وضاحت کی

ہے' ایک ایک روڈ تین تین دفعہ لکھا گیا ہے۔ میں ابھی وہ روڈ بھی بتا دوں گا کہ اس روڈ کو تین دفعہ انہوں نے لکھا ہے اور یہاں جو Amount جمع ہے' اس میں بھی فرق ہے۔ Amount کی میں نے Calculation کی ہے' اس میں بھی فرق ہے اور یہ کرم گڑھی روڈ ہے جو تین دفعہ لکھا گیا ہے اور اس کے علاوہ ایک اور بات یہ بتا دوں کہ------

وزیر تعمیرات و مواصلات۔ یہ تین دفعہ لکھا ہوا ہے۔ بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ فرض کریں دس کلو میٹر' بیس کلو میٹر روڈ ہے' مختلف Phases میں اس کی Repairs ہوتی ہے تو ظاہر ہے روڈ کا نام تو وہی ہوتا ہے' یہ اتنی کوئی تفتیش والی بات نہیں ہے۔

جناب اکرم خان درانی۔ جناب سپیکر! اس میں ایک روڈ ہے جس پر خرچ ہوا ہے تقریباً 5.38.800 روپے۔ روزانہ ہم ایکسین صاحب کے آفس میں جاتے ہیں' مجھے تو اس میں کوئی کام نظر نہیں آیا۔ کونسا کام ہوا ہے؟ ہم روزانہ جاتے ہیں۔

وزیر مواصلات و تعمیرات۔ جتنی M&R کی Repairs ہوتی رہی ہیں پچھلی حکومت میں' وہ واقعی درانی صاحب کو نظر نہیں آئیں گی۔ (قہقہہ)

جناب اکرم خان درانی۔ منسٹر صاحب نے اگر پڑھا ہو' انہوں نے ایک یہ بات کی کہ ہم صرف نوٹس لیتے ہیں' اگر ان کے محکمے نے غلط کام کیا ہے اور وہ Floor پر خود Agree کر رہے ہیں کہ Repairs پر نیا روڈ نہیں ہو سکتے ہیں' تو نوٹس کا کیا مقصد ہے؟

جناب سپیکر۔ فاضل منسٹر! یہ ایک ایسا سوال ہے جس میں آپ بھی محسوس کرتے ہیں کہ کوئی گڑبڑ ہوئی ہے اور آپ نے بھی یہ کہا ہے کہ اگر ہمیں Point out کر دیا جائے تو ہم ایکشن لیں گے۔

وزیر مواصلات و تعمیرات۔ سپیکر صاحب! میری عرض سُنیں۔ جو انہوں نے سوال کیا ہے' اس میں یہ انہوں نے Point out نہیں کیا کہ Whether M & R funds میں سے نئے روڈز بن سکتے ہیں یا نہیں؟ ابھی انہوں نے ضمنی سوال کیا ہے I will have to

I check. اگر ہوئے ہیں تو وہ Irregularity commit ہوئی ہے۔ I agree.

<u>جناب اکرم خان درانی</u>، میں ابھی بتاتا ہوں۔ میرے خیال میں یہ نمبر ایک،

Shingling of road from Mirian to Barakzai. 2. Shingling of road from Nurar road to Gharara No. 2'. اگر میں اس کو خود یہاں ہی بتا دوں، تو انہیں میرے خیال میں اتنا اعتماد تو ہونا چاہئے۔ ہم وہاں کے رہنے والے ہیں اور ہم جو بات کرتے ہیں، انشاء اللہ اعتماد کے ساتھ کرتے ہیں۔

<u>وزیر مواصلات و تعمیرات</u>، نہیں جی، میں ان کی اس چیز کو Doubt نہیں کر رہا۔ یہ مجھے Details دیدیں۔ یہ Shingling کا جہاں تک تعلق ہے، سی اینڈ ڈبلیو کا روڈ ہے، اگر اس میں Shingling ہوتی ہے تو That you can say that it is a repairing of that road but بالکل Black top کرنا، نیا کرنا، That is a new scheme.

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: یہ آپ سے رابطہ کریں گے۔

<u>جناب اکرم خان درانی</u>، اگر اس میں ایسے روڈ بھی نکلیں کہ وہ ڈسٹرکٹ کونسل کے ہوں اور ان میں Shingling سی اینڈ ڈبلیو سے کرائے گئے ہوں تو وہ بھی ٹھیک ہو سکتے ہیں؟

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>، آپ آنریبل منسٹر صاحب سے مل لیں اور اگر فرض کریں، پھر بھی آپ کی Satisfaction نہ ہو تو اس مسئلے کو ان کی اجازت سے کمیٹی کو بھی ہم بھیجیں گے اگر آپ کی ------

<u>جناب محمد ایوب خان آفریدی</u>، سر! یہ بھی تو ہو سکتا ہے کہ اگر ممبرز مسلم لیگ اور اے این پی کے ہوں تو وہ پیپلز پارٹی کی حکومت بھی تو بن سکتی ہے ناں جی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>، میں ہاؤس سے پوچھتا ہوں چونکہ Questions' Hour ختم ہو چکا ہے، ایک گھنٹہ ہو چکا ہے لیکن میرے پاس تین اہم سوالات ہیں تو اگر ہاؤس اجازت

دے تو یہ تین اہم سوالات بھی پوچھ لئے جائیں۔ اجازت ہے؟ میں ہاؤس سے پوچھتا ہوں۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور. دیکھیں جناب سپیکر، میری بات سنیں۔ یہاں رولز بنائے گئے ہیں، آپ مہربانی کر کے اسمبلی کو رولز پر چلائیں۔ جب رولز میں ٹائم ختم ہو گیا تو آپ اس کو ختم کر دیں۔ یہ تو نہیں ہے کہ آپ ہر ایک سوال --------

جناب احمد حسن خان، ان دونوں کے درمیان جو فیصلہ ہوا، وہ ہمیں منظور ہو گا۔

Mr. Deputy Speaker: The sitting is adjourned till 10.00 a. m for thirty minutes.

(اس مرحلے پر چائے کیلئے ایوان کی کارروائی آدھ گھنٹے کیلئے ملتوی ہوگئی۔)

(وقفے کے بعد جناب ڈپٹی سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب اکرم خان درانی، پوائنٹ آف آرڈر، سر۔

## معزز اراکین کی رخصت

جناب ڈپٹی سپیکر. پہلے میں ایجنڈے کی کارروائی تو شروع کر لوں۔ جن معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں، ان کے نام درج ذیل ہیں،
جناب سردار مشتاق صاحب نے 26 سے لیکر 29 دسمبر اور جناب آفتاب احمد خان شیرپاؤ صاحب نے 29 دسمبر 1997 کیلئے۔ یہ درخواستیں منظور کر لی جائیں؟

(The motion was carried.)

Mr. Deputy Speaker: Leave is granted.

جناب اکرم خان درانی، پوائنٹ آف آرڈر، سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر، جی۔

جناب اکرم خان درانی، جناب سپیکر صاحب! یوه ډیره ضروري خبره ده۔ هغه دا ده چه دلته پشاور کښې زمونږه د جنوبي اضلاع د فلائنګ کوچو څلور اډے دي او د بنوں، ډي آئي خان، لکي مروت، کرک او د کوهاټ نه چه کوم خلق راځي نو هغوی ته په لاره کښې دا اډے دي او ډیر په آسانئ سره هلته راورسوي۔ اوس ګورنمنټ څه داسے یوه فیصله کړے ده چه دا څلور د فلائنګ کوچو اډے چه دي، دا دوئ هلته بهادر کلي سره چه کوم ټیکسي سټینډ جوړ شوے دے، هغے ته شفټ کوي او د دے نه زمونږه د جنوبي اضلاع، د ډي آئي خان او کوهاټ پورے چه څومره خلق دي، هغوی ته مشکلات دي۔ هلته نه چه ګاډي په آٹھ بجے راروان شي نو د شپے چرته ایک، دو بجے دلته راورسي، نو دوه بجے چه په هغه اډه کښې زمونږ خلق چه په هغے کښې زنانه وي، ماشومان وي او بیماران اکثر راځي، په تکلیف وي۔ خمونږ خلق خو هسے هم غریب دي او د هغوی دا وَس نشته چه سپیشل ګاډي اوکړي نو که بیمار وي نو هم په هغه فلائنګ کوچ کښې نے رسوؤ او که نور ماشومان وي نو هغوی هم پکښې راځي، نو د دے نه به دومره تکلیف جوړ شي چه دا خلق خو یو خل د بنوں نه په کرایه باندے به راشي بهادر کلي سټینډ ته او بیا د هغے ځائے نه چه څومره کرایه نے د بنوں نه د بهادر کلي پورے ورکړے وي، دغه هومره کرایه د پشاور سټي پورے ورکوي۔ نو زمونږ دا ګزارش دے چه دا اډه د هم په دے ځائے باندے پاتے شي۔ دا یوه غلطه فیصله ده او زمونږ د جنوبي اضلاع سره سراسر زیاتے دے او مونږ Request کوؤ-------

Mr. Deputy Speaker: Honourable Baz Muhammad Khan Sahib.

جناب سلیم سیف اللہ خان، سپیکر صاحب! ہمیں بھی موقع دیا جائے۔

جناب اکرم خان درانی، چه په دے باندے دِ همدردانه غور اوشی او گورنمنټ دِدا خپله خبره واپس واخلی۔

جناب ڈپٹی سپیکر، باز محمد خان صاحب!

جناب باز محمد خان، محترم سپیکر صاحب! څنګه چه اکرم خان خبره اوکړه، په دے سلسله کښې ما اوس تاسو ته يو Call Attention Notice هم درکړو۔ که تاسو اوګورئ نو په 1988-89 کښې هم دا مسئله راپيښه شوے وه او دے خلقو ته نے دا وئيلے وو چه تاسو د دے ځائے نه د فلائنګ کوچو دا اډه اوباسئ نو دا خلق هلته هغے اډے ته لاړل خو د هغے نه وروستو چه کوم مشکلات او تکليفات پيش شو نو ګورنمنټ په دے مجبوره شو چه دے خلقو ته نے اووئيل چه بس ټهيک ده، تاسو هغے اډے ته مه ځئ۔ تاسو مونږ ته هغه ځپل چه کوم ټيکس دے يا څه شے دے، هغه به راکوئ او تاسو په دے اډه کښې کارکوئ۔ که دا اډه اوس بيا هلته منتقل شی نو دومره زيات تکليف به زمونږ دغه شپږو ضلعو ته وی لکه کوهاټ، کرک، بنوں، لکی، ټانک، دی آئی خان، دا شپږ ضلعے دی او دا خلق به ديرسخت په تکليف کښې وی۔ زمونږ خو غريب خلق دی مګر مصيبت دا دے چه هر څه په پيښبور کښې پراته دی او مونږ په دے مجبوره يو چه پيښبور ته به ضرور راځو۔ زمونږ بيمار، ولے چه هلته هسپتالونه نشته دے۔ زمونږ د کالج هلکان، هلته کالجونه نشته نو مونږ په دے باندے مجبوره يو چه هر څيز له به مونږ پيښبور ته راځو او چه پيښبور ته راځو نو د هغه ځائے نه په دومره تکليف سره مونږ دے ځائے ته راځو چه تيس، پينتيس يا چاليس روپے مونږ مزيد ورکوؤ۔ بل د امن و امان هم څه پته نه لګی نو مونږه سره دا ويره هم ده۔ مونږه دا درخواست کوؤ چه دا اډے

د د دے خانے نه بدلیږی او په دے خانے کښې دے دا کارکوی البته که حکومت خواه مخواه اصرار کوی نو هلته روډ ویز باندے حکومت نورے اډے ورکړےدی نو دا دهم هلته روډویز ته بوخی۔

جناب ڈپٹی سپیکر، ښه جی، بس ټهیک شوه۔ ښه جی، آنریبل محسن علی خان صاحب۔

نوابزادہ محسن علی خان، جناب سپیکر صاحب! میں بھی اکرم خان درانی اور باز محمد خان کے ساتھ اتفاق کرتا ہوں۔ یہ بڑی زیادتی ہے۔ بشیر خان صاحب فرما رہے ہیں کہ کوئی زیادتی نہیں ہے لیکن یہ بہت بڑی زیادتی ہے جناب۔ آج کل مہنگائی کے دور میں اگر آپ بہادر کلی سے ایک رکشہ میں بیٹھیں ---------

جناب ڈپٹی سپیکر، آنریبل ممبر! آپ ذرا ہماری انفارمیشن میں اضافہ کریں گے کہ یہ کوہاٹ روڈ پر جو اڈہ بنایا گیا تھا' اس زمانے میں شاید آپ وزیر خزانہ تھے؟

نوابزادہ محسن علی خان، نہیں سر' میں نہیں تھا۔ جب یہ اڈہ بنایا گیا' اس وقت مارشل لاء تھا۔

جناب ڈپٹی سپیکر، میر افضل خان صاحب کے زمانے میں بنایا گیا تھا؟

نوابزادہ محسن علی خان، یہ جنرل فضل حق کے زمانے میں بنایا گیا تھا' مارشل لاء میں۔ آپ شاید اس وقت سیاست میں نہیں تھے۔ (قہقہے)

جناب ڈپٹی سپیکر، میں سیاست میں ---------

وزیر قانون و پارلیمانی امور، میں محسن علی خان کو یہ بتا دوں کہ حاجی عدیل صاحب 1973 سے جیلوں میں جا رہے ہیں اور یہ اس سے پہلے بھی جیلوں میں گئے ہیں اور یہ خاندانی طور پر سیاست میں ہیں۔

نوابزادہ محسن علی خان، اچھا اچھا' خاندانی طور پر جیلوں میں ہیں۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور، اور ان کے والد صاحب نے بھی اس ملک کی آزادی کیلئے بڑی جد و جہد کی ہے۔

نوابزادہ محسن علی خان، بہت مہربانی۔

میاں افتخارحسین، جناب سپیکر صاحب! زہ پہ پوائنٹ آف آرڈر باندے ولاړ یم۔

جناب احمد حسن خان، جناب سپیکر! میں مزید تصحیح کرنا چاہتا ہوں کہ حاجی عدیل صاحب ان کے برعکس مسلسل تیس سال سے سیاست میں رہے ہیں۔ یہ اب بھی نہیں ہیں صوبہ کے اور ایک پارٹی کے صدر ہیں۔

میاں افتخارحسین، جناب سپیکر صاحب! ما هم د ریکارډ د درستګۍ د پاره دا خبره کوله چه بشیر صاحب کومه خبره اوکړه، محسن علی‌خان صاحب دِ هغه خبره نه کوی۔ دے چه کله په دے اسمبلۍ کښی وو نو هغه وخت کښی سیاست نه وو۔ دے په غیر سیاسی اسمبلۍ کښی وو او کوم چه نه وَنی نو هغه وخت تاسو سیاست کولو خکه اسمبلۍ کښی نه وی۔

Nawabzada Mohsin Ali Khan: Thank you very much.

Mr. Deputy Speaker: Thank you very much. Honourable Salim Saifullah Khan Sahib.

جناب محسن علی خان، جی، I don't finish, Sir. آپ نے تو مجھے فلور دیا ہوا ہے۔

Mr. Deputy Speaker: Honourable Saleem Saifullah Khan.

جناب سلیم سیف اللہ خان، جناب سپیکر! میں بھی اپنی آواز اپنے بھائیوں کے ساتھ شامل کرنا چاہتا ہوں۔ اس میں کوئی اتنا بڑا مسئلہ نہیں ہے۔ ہر حکومت کا یہ فرض ہوتا ہے

کہ وہ عوام کیلئے سہولتیں بڑھائے نہ کہ ان کو کم کرے۔ بنیادی مسئلہ یہ ہے کہ چالیس یا تینتالیس سیٹوں والی جو مزدا یہاں پھر رہی ہیں' جن کے نہ کوئی روٹ پرمٹس ہیں اور نہ لائسنسز ہیں اور جو کہتے ہیں کہ ہم کراچی سے آ کر یہاں چلا رہے ہیں' ان کو روکا جائے بجائے اٹھارہ سیٹوں والوں کے۔ اب ایک تو آپ نے پلوں کے اوپر ٹیکس لگانا شروع کر دیئے ہیں۔ تین پانچ لگائے ہیں تو اس کے اوپر دس روپے ٹیکس لگا دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ ویگن کا کرایہ' پھر بس سٹینڈ سے شہر آنے کیلئے پچاس روپے مزید دیں۔ آخر اس دور میں جب کہ مہنگائی دن بدن زیادہ ہو رہی ہے۔ ٹھیک ہے' ہم بھی یہ چاہتے ہیں' ہم اپنے آپ کو اب پشاور والے سمجھتے ہیں' ایسی کوئی بات نہیں۔ ہم بھی یہ چاہتے ہیں کہ شہر میں Congestion نہ ہو لیکن Congestion کی وجہ کوئی اور ہے اور ان غریبوں سے کہا جا رہا ہے جبکہ ان کے چھوٹے چار اڈے ہیں اور ان سے کہا جا رہا ہے کہ آپ لوگ جائیں اور متنی کے قریب وہاں شفٹ ہوں۔ تو مجھے امید ہے کہ ہمارے اچھے اور خوبصورت ترین وزیر یوسف ایوب صاحب جو ہیں' وہ اس پر ہمدردانہ غور کریں گے۔

جناب سپیکر۔ نقیب اللہ خان صاحب۔

ملک نقیب اللہ خان۔ جناب سپیکر! اسی سلسلے میں جیسے ہمارے اکرم خان درانی صاحب اور باز محمد خان صاحب نے کہا' تو واقعی اس میں کوئی شک نہیں ہے۔ اگر آپ دیکھیں تو انہوں نے ایک پوائنٹ لکھا ہے کہ یہاں پر ٹریفک کا مسئلہ بنے گا حالانکہ ٹریفک کا مسئلہ اگر بنا ہے تو یہ مزدا گاڑیوں یا یہ ہمارے افغانی گاڑیوں کی وجہ سے بنا ہے جو کہ ایک' ایک نمبر پر کئی گاڑیاں چلتی ہیں اور بغیر پرمٹ کے چلتی ہیں اور یہ گاڑیاں تو اڈوں کے اندر کھڑی رہتی ہیں اور اس سے ٹریفک کا مسئلہ حل نہیں ہوگا۔ تو ہماری وزیر صاحب سے گزارش ہے کہ اس سلسلے میں ہمارے جنوبی اضلاع کی یہ فریاد سنیں اور اس کا حل نکالیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر۔ آنریبل ممبر' احمد حسن خان صاحب۔

جناب احمد حسن خان، جناب سپیکر! چونکه تاسو د صوبه سرحد د دے زړه سره، د دے ښائسته ښار سره او زمونږ د مینے د دے خائے سره تعلق لرئ خو جناب سپیکر، د دے بنیادی وجه به جناب بشیر بلورصاحب ته او تاسو ته زما نه زیاته معلومه وی چه دا Congestion د هغے 2400 نه زیات د غیر قانونی ګاډو په وجه دے چه د کوم په باره کښ اخبارات ورخ په ورخ خبرے لیکی او د هانی بیوروکریټ سره د بدقسمتئ نه منتخب نمائندګان هم د هغے په زد کښ راخی او په دے کښ دا صحیح صورتحال دے، دا د بند کړے شی نو بیا به دا Congestion نه وی جناب سپیکر۔ دا زیاتے دے، دا ظلم دے، په دے باندے دِ همدردانه غور اوکړے شی۔

جناب ډپٹی سپیکر، جناب افتخار الدین خٹک صاحب۔

جناب افتخار الدین، جناب سپیکر صاحب! لکه څنګه چه زما معزّز ورونړو دا مسئله اوچته کړے ده نو حقیقت دا دے چه زمونږ د دے سره غرض نشته چه دَ ادے مالک څوک دے؟ زمونږه د دے سره غرض دے چه په دے کښ جنوبی اضلاع ته ډیر غټ تکلیف دے او زمونږه ډیره غریبه علاقه ده۔ یو خو د مهربانی اوشی چه پرمټ د چا سره وی نو چه د هغوی ادے خو په شهر کښ نزدے وی ولے چه مونږ د کوهاټ او یا د بنوں نه راشو او پنخوس، شپیته روپئ مو هغه اولګی، د هغے نه زیاتے بیا په رکشے کښ چه شهر ته رانوخو، پنخوس شپیته رانه هغه اخلی۔ د هغے سره سره تاسو دا کوهاټ روډ پخپله کتلے دے چه هیڅ قسم ته انتظام پکښ نشته۔ بار بارخلق مونږ ته وائی چه که مونږ دغلته لاړو نو مونږ ته به ډیر تکلیف وی۔ نو مهربانی د اوشی چه په دے معامله باندے دِ څه غور اوشی۔

جناب ڈپٹی سپیکر، جناب محمد شعیب خان آف مالاکنڈ۔

جناب محمد شعیب خان، شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ زما یو ډیر ضروری د مالاکنډ ----------

جناب ڈپٹی سپیکر، شعیب خان! په یو پوائنټ آف آرډر بانډے لګیا ده خبره کیږی چه کله وزیر صاحب جواب ورکړی نو بیا خپل پوائنټ آف آرډر تاسو وروستو پیش کړئ۔ ستاسو پوائنټ آف آرډر د اډو متعلق نه دے، ستاسو مسئله مختلف ده۔ آنریبل منسٹر فارسی اینڈ ڈبلیو، پلیز۔

جناب یوسف ایوب خان (وزیر تعمیرات و مواصلات)، شکریہ، سپیکر صاحب۔ ایک Collective decision کیلئے سپیکر صاحب، پچھلے تین چار مہینوں سے ہم اس چیز پر غور کر رہے ہیں۔ پشاور سٹی میں جتنی Congestion ہوگئی ہے، میں سلیم خان صاحب کی اس بات سے Agree کرتا ہوں، Mohsin Khan has also very rightly pointed it out کہ Mini Buses کافی ساری پورے شہر میں چلتی ہیں، Some are legal and some are illegal, that is one of the causes. نذر باغ کے اڈے جو تھے، They are another cause and the Kohat, Southern Districts کے جو اڈے City کے اندر Residential areas میں، Commercial areas میں جو ان کو Permission ملی ہوئی تھی، یہ تینوں Causes congestions کے ہیں لہذا Collectively ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ جو Mini Buses ہیں، پانچ مختلف Routes پوری City کیلئے انہوں نے Identify کئے ہوئے ہیں اور باقاعدہ ان کو ہماری Instructions ہیں کہ Within a week ہر گاڑی کے Wind screen پہ Stickers ہونے چاہئیں اس روٹ کے مطابق Different colours میں تاکہ Illegal گاڑیاں Identify ہو سکیں کیونکہ رپورٹ یہ ملی ہے کہ کافی گاڑیاں Illegally واقعی یہاں

سینکڑوں کے حساب سے پورے شہر میں گھومتی ہیں لیکن ساتھ ساتھ کوہاٹ روڈ اور نذر باغ کے اڈے بھی جو ہیں' وہ بھی ہم Shift کر رہے ہیں۔ یہ فیصلہ ہو چکا ہے اور جو اڈوں کے مالکان ہیں --------

ایک آواز۔ یہ بہت ظلم ہے' زیادتی ہے۔

وزیر مواصلات و تعمیرات۔ کوئی ظلم نہیں ہے۔ کروڑوں روپے کا اڈہ کوہاٹ روڈ پر چاہے جنرل فضل حق کی گورنمنٹ میں بنا ہو یا کسی اور گورنمنٹ میں بنا ہو' گورنمنٹ کے پیسے Spend ہوئے ہیں اور اسی مقصد کیلئے بنا تھا کہ Southern districts کے تمام Passengers جو ہیں' اڈے چاہے فلائنگ کوچز کے ہوں' Buses ہوں' وہ وہاں جائیں۔ ان کی Meetings بھی میرے ساتھ ہوئی ہیں۔ خود آ کر مجھے ملے ہیں اور ان کا صرف ایک Apprehension تھا کہ وہاں ہمیں Security problem ہے لہٰذا اس کیلئے Extra security مہیا کی گئی ہے' ایک DSP کا Specially وہاں دفتر بنایا گیا ہے DSP with complete force is going to be there 24 hours round the clock. یہ جو ان کی Apprehensions تھیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر۔ آنریبل ممبر' جناب شعیب خان صاحب۔

جناب محمد شعیب خان۔ شکریہ۔ سپیکر صاحب! میں آپ کی توجہ پی ایف_80 ' مالاکنڈ ایجنسی کے ایک اہم مسئلے کی طرف دلانا چاہتا ہوں' امید دے چه تاسو به هم دا واورئ او دا هاؤس به هم مهرباني اوکړي' دا يو ډير اهم سوال دے چه دا واورئ۔

پوائنٹ آف آرڈر دے' سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر۔ نه نه' تاسو خبره اوکړئ جي۔

جناب محمد شعیب خان۔ مالاکنڈ ایجنسی میں لیوی کی مختلف Categories کی تقریباً ایک سو پچیس پوسٹیں کافی عرصے سے خالی پڑی ہیں جن پر مرکزی حکومت کی طرف سے

تقرری نہیں کی جاتی ہے۔

(شور / قطع کلامیاں)

جناب اکرم خان درانی۔ ---------

جناب احمد حسن خان۔ نه نه، که داسے څه خبره وی نو مونږ ستاسو تابعدار يو۔ مونږ تاسو سره هم خو۔ داسے څه خبره نه ده۔

(اس مرحلہ پر حزب اختلاف کے اراکین نے واک آوٹ کیا۔)

جناب محمد افتخار خان۔ جناب سپیکر صاحب! ابھی تو محترم منسٹر صاحب نے جواب مکمل دیا ہی نہیں - He should be requested to come back because the Minister has not yet finished.

وزیر مواصلات و تعمیرات۔ سپیکر صاحب! پشاور میں بھی پبلک رہتی ہے اور پشاور کے لوگوں کو بھی تکلیف ہے۔ Last time یہی Question انہوں نے کیا تھا اور Southern Districts کے دو، تین MPAs نے اٹھ کر کہا تھا کہ Southern Districts کے جب آپ اڈے پشاور میں Shift کر رہے تھے تو ہمیں کیوں نہیں Consult کیا گیا۔ یہ تو پھر وہی بات ہوئی کہ پشاور والے MPAs کہیں گے کہ جب ڈیرہ اسماعیل خان میں، کوہاٹ میں، بنوں میں اور لکی مروت میں پشاور آنے والی Buses کے اڈے آپ Shift کریں گے تو ہمیں Consult کریں۔ یہ تو کوئی بات ہی نہ ہوئی ---

جناب ڈپٹی سپیکر۔ اتفاق سے یہ اڈہ میرے حلقے میں ہے۔

وزیر مواصلات و تعمیرات۔ آپ سپیکر صاحب، خود گواہ ہیں، آپ کے پاس بھی Complaints آئی ہوں گی، لوگ آئے ہوں گے۔ لوگوں کو تکالیف ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر۔ شعیب خان! پلیز، تاسو مهربانی اوکړئ او خپل پوائنټ آف آرډر زبانی او مختصر پیش کړئ۔

جناب محمد شعیب خان، دا مختصر دے جی۔ پہ مالاکنڈ لیوی کښې ایک سو پچیس پوستونه خالي دي او دا د فیډرل ګورنمنټ سره تعلق لري۔ بجټ شته دے خو تر اوسه پورے دا پوستونه خالي دي۔ مالاکنډ ایجنسي ډیره حساسه ایجنسي ده۔ د لاء اینډ آرډر مسئله هر وخت پیدا کیدے شي۔ نو چه بجټ شته دے نو زه ستاسو په وساطت باندے چیف منسټر صاحب ته خواست کوم چه مهرباني د اوکړي او زمونږه دا مسئله د مرکزي حکومت سره ختم کړي او دا پوستونه چه کوم خالي دي د مالاکنډ لیوي، چه دا ډک شي۔

حاجی بہادر خان(دیر). پوائنٹ آف آرڈر، سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر. حاجي بهادر خان صاحب! ستاسو هم په دغه مسئله کښې پوائنټ آف آرډر دے؟

حاجی بہادر خان(دیر)، زما هم په دغه باندے دے۔ زمونږه په دیر لیوي کښې دغه شان پوستونه خالي دي او په هغے باندے د څه کسانو آرډرونه شوي وو لیکن بیرته نے کینسل کوي او واني چه په دے باندے Ban دے۔ دغه شان په دیر پولیس کښې هم پوستونه خالي دي۔ هلته هر وخت د لاء اینډ آرډر مسئله وي خکه چه مونږ ته په Boundary باندے ایجنسي ده او ورسره افغانستان هم په Boundary باندے پروت دے۔ هلته د نفرئ ډیر زیات کیے دے۔ نو زه ستاسو په وساطت درخواست کوم چیف منسټر صاحب ته چه دغه Ban اوُچت کړي او د پولیس او لیوي دا بهرتیانے د اوکړي۔

جناب ڈپٹی سپیکر. جناب ملک جہانزیب خان۔

ملک جہانزیب. زه خو دا عرض کوم چه اخبار والا بار بار زما استحقاق مجروح کوي او زه جناب سپیکر صاحب، ستاسو او د دے معزز ایوان په نوټس کښې دا

خبرہ هم راولم چه مخکښې چه څه وخت دا اسمبلی شروع شوه نو دوئ زما نوم نے په اخبارکښې "ملک جهانګیر" یاد کړو او په ریډیو باندے نے هم زما نوم ملک جهانګیر یاد کړے وو۔ اوس هغه بله ورځ چه کومه کارروائی شوے ده نو په مشرق کښې نے تصویر زما ورکړے دے او نوم نے ورته لیکلے دے اورنګزیب۔ نو زه دا وایم چه دا اخبار والا قصداً عمداً داسے عمل کوی خکه چه نور څه Coverage خو مونږ ته نه راکوی، څه بنه Coverage مونږ ته نه راکوی خو چه کله زمونږه څه داسے ذکر راشی نو قصداً عمداً زما نوم نے څو څو پیرے غلط اولیکلو۔ زما استحقاق بار بار مجروح کیږی نو زه دا وایم چه دا خبره د استحقاق کمیټئ ته حواله شی۔

<u>جناب عبدالسبحان خان</u>، پوائنټ آف آرډر، سر۔ قابل احترام سپیکر صاحب! که ستاسو یاد وی نو دغسے یو Call Attention Notice ما په پوائنټ آف آرډر باندے اووے نو تاسو بیا وعده اوکړه چه د پیر په ورځ باندے به دا Call Attention Notice راولو نو نن خو نه دے راغلے۔ زما دا خیال وو چه تاسو ته ستاسو هغه وعده یاده کړم چه سبا د پاره راشی۔ هغه د ریډیو پاکستان پشاور متعلق وو۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>، عبدالسبحان خان! بات یہ ہے کہ ایک Call Attention Notice آپ کا آ سکتا ہے۔ آج کے بھی ایجنڈے میں آپ کا ایک بڑا اہم Call Attention Notice ہے۔

<u>جناب عبدالسبحان خان</u>، سر! میں مشکور ہوں لیکن کل کیلئے میں نے Request کی ہے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>، ہاں، .Thank you انشاء اللہ تعالیٰ کوشش کریں گے۔ آنریبل ممبر، جناب طاؤس خان صاحب!

<u>وزیر قانون و پارلیمانی امور</u>، جناب سپیکر صاحب! زه به دا خواست اوکرم چه د اپوزیشن ممبرانو واک آوټ کړے دے، نو زه به دے خپل آنریبل ممبرز ته دا خواست اوکرم چه دوئ لاړ شي او هغوی رضا کړي۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>، میں تھوڑا سا کٹ کروں گا آنریبل منسٹر صاحب کہ اپوزیشن کے علاوہ ٹریژری بنچز سے بھی ایک آدھ ساتھی گئے ہیں۔

<u>وزیر قانون و پارلیمانی امور</u>، میں افتخار مہمند صاحب' سبحان خان اور غفور جدون صاحب سے درخواست کروں گا کہ وہ جا کر بات کریں۔ منسٹر ہیلتھ بھی مہربانی کر کے جا کر بات کریں تو بہتر ہو گا۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>، آنریبل ممبر' طاؤس خان صاحب۔

<u>جناب محمد طاؤس خان</u>، جناب سپیکر صاحب! زه ستاسو په وساطت باندے یو عرض کوم۔ زمونږه او ستاسو مخکښې هم دا پالیسی وه چه کومه علاقه پسمانده وی نو هغے ته توجه زیاته ورکول پکار دی۔ نو زمونږ په ضلع کوهستان کښې هم ډیر پوستونه په هره محکمه کښې خالی دی۔ لهذا که زمونږ نه هم دا Ban اُوچت شي نو ښه به وی۔ ستاسو په وساطت باندے زه وزیر صاحب ته وایم چه په C&W کښې هم داسے دی او په پولیس محکمه کښې هم داسے دی۔ زمونږه د ضلع کوهستان په ایف۔سی کښې څه کوټه نشته دے نو لهذا که په دے کښې زمونږ سره گزاره اوشي نو ښه به وی۔ کوم د قُلیانو پوستونه چه دی جناب، په دے کښې مخکښې ورخو کښې یو سړے مړ شو نو محکمه دا وائی چه دا پوسټ ختم شو۔ جناب، دا ختمول نه دی پکار او کوم خانے کښې چه روډونه تیار دی نو هلته د قُلیانو پوستونه ورکول پکار دی۔ وزیر صاحب ناست دے او ستاسو په وساطت باندے زه هغوی ته دا درخواست کوم۔

Mr. Deputy Speaker: Honourable Naik Amal Khan Sahib.

جناب نیک عمل خان، جناب سپیکر! شعیب خان په Call Attention Notice باندے یوه مسئله پیش کړے وه چه زمونږ په مالاکنډ ایجنسئ کښې لیوی والا تقریباً څه ایک سو پچیس پوستونه خالی پراته دی او هلته نور پوستونه هم خالی کیږی۔ فرض کړه د مالاکنډ ایجنسئ په شان حساس علاقه کښې هم حالات داسے وی نو زما په خیال به د Law and order situation هلته هم ډیر زیات خراب شی۔ نو زمونږه دا استدعا ده دے هاؤس ته هم او تاسو ته هم چه د دے په باره کښې د څه غور اوکړے شی۔

جناب ډپٹی سپیکر، ملک صاحب! تاسو خو خپله خبره اوکړه کنه؟

ملک جہانزیب، ما خو جی خبره اوکړه خو زه نے څه په مطلب پوهه نه شوم۔ ما هم په واک آوټ باندے مجبور ره کوئ که؟

جناب ډپٹی سپیکر، ملک صاحب! ستاسو چه کوم احتجاج دے نو هغه خو د پریس او د ریډیو خلاف دے۔ تاسو خپله خبره اوکړه؟

ملک جہانزیب، ما خو خبره اوکړه خو څوک منسټر به دلته مونږ ته د دے څه جواب راکړی جناب سپیکر صاحب، او د دے څه ازاله کیدے شی؟ زما د دے پاڅیدو مقصد څه دے؟ زه آخر په څه باندے مطمئن کړے شوم؟

جناب ڈپٹی سپیکر، پریس کے ساتھیوں سے درخواست ہے کہ ملک جہانزیب خان کا نام صحیح لکھیں اور ملک صاحب' آپ سے بھی ایک استدعا ہے کہ آپ اپنی کرسی پر بیٹھیں۔ آپ کی جو سیٹ ہے' وہ یہ نہیں ہے۔ آپ کی سیٹ محمد شعیب آف صوابی کیساتھ ہے۔

(اس مرحلے پر حزب اختلاف کے اراکین واک آوٹ ختم کرکے ایوان میں داخل ہوئے۔)

Mr. Deputy Speaker: I will welcome the Honourable Members

from the Southern areas. in the House. Now I will request Mr. Said Rahime Khan. MPA. to please ----------

Mr. Muhammad Iftikhar Khan: Mr. Speaker Sir! All are not from the Southern areas. there are Honourable Members from the Northern areas also.

## مسئلہ استحقاق

Mr. Deputy Speaker: Now I will request Mr. Said Rahim Khan. to please move his Privilege Motion No. 37. Mr. Said Rahim Khan. to please move his Privilege Motion No. 37. Not present. it lapses.

جناب ثناء اللہ خان میاں خیل (وزیر صحت)، جناب سپیکر صاحب! Lapse سے پہلے بھی اس کو دوبارہ لایا گیا ہے۔ میرے خیال میں وہ اس کو Move نہیں کرنا چاہتے' لہذا اس کو مکمل Lapse کر دیں۔ (قہقہہ)

Nawabzada Mohsin Ali Khan: Janab Speaker Sahib! I am on a point of order.

Mr. Deputy Speaker: Mohsin Ali Khan and then, please -----

نوابزادہ محسن علی خان، جناب سپیکر! اگر آپ اجازت دیں تو یہ ایک Important issue ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر، اجازت ہے آپ کو۔

نوابزادہ محسن علی خان، جناب سپیکر صاحب! یو۔بی۔ایل کے تقریباً 458 employees ' میں 458 employees نہیں کہوں گا بلکہ 458 familes کو بے روزگار کر دیا گیا ہے اور یہ

کہا گیا ہے کہ آپ کو ہم گولڈن ہینڈ شیک سکیم کے تحت باہر کر رہے ہیں۔ جناب سپیکر! میری یہ گزارش ہے کہ جو سکیم فیڈرل گورنمنٹ نے بنائی ہے Regarding 'Golden Hand Shake', this was notified by the Govt. of Pakistan. Cabinet Secretary, on 12-8-1997. جناب سپیکر صاحب! -----

<u>وزیر مواصلات و تعمیرات</u>. جناب سپیکر صاحب! محسن علی خان بات کر رہے ہیں' I am not doubting that لیکن ہمارے یہاں کچھ کمپیوٹرز لگے ہیں کہ سارا گورنمنٹ کا ریکارڈ Within two seconds ہمارے پاس آ جائے گا' تو کیسے جواب دیں گے؟

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>. آنریبل ممبر جو بات کر رہے ہیں' اس کا تعلق فیڈرل گورنمنٹ سے ہے تو اگر وہ اپنے جذبات کا اظہار کرنا چاہتے ہیں تو انہیں موقع دے دیجئے۔

<u>وزیر قانون و پارلیمانی امور</u>. جناب سپیکر صاحب! پوائنٹ آف آرڈر پر آپ کو علم ہے اور یہ تو بہت پرانے Parliamentarian بھی ہیں اور خدا کا شکر ہے' ہر حکومت میں وزیر بھی رہے ہیں' میں یہ عرض کرتا ہوں کہ یہ پوائنٹ آف آرڈر اسلئے ہوتا ہے کہ جب کوئی Irregularities ہو رہی ہوں تو ایک ممبر کھڑے ہو کر آپ سے کہیں کہ یہ Irregularity ہو رہی ہے' اس کو ٹھیک کریں۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر پر تقریریں کبھی بھی نہیں ہوتیں۔ کوئی خاص مسئلے کی بات ہو تو ٹھیک ہے' یہ تو پوری تقریر کر رہے ہیں۔ اس لئے جناب سپیکر' مہربانی کر کے پوائنٹ آف آرڈر کو -----------

<u>نوابزادہ محسن علی خان</u>. سر! آپ نے مجھے اجازت دی ہے۔

<u>Mr Deputy Speaker</u>: Mohsin Ali Khan, please.

<u>جناب سلیم سیف اللہ خان</u>. سر! آپ نے رولنگ دے دی ہے کہ آئندہ فیڈرل گورنمنٹ کے متعلق اگر ہم اظہار خیال کرنا چاہیں' تو کر سکتے ہیں۔ شکریہ جی۔

<u>جناب ہمایون سیف اللہ خان</u>. میری فیڈرل گورنمنٹ کے متعلق بات رہتی ہے' سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر، محسن علی خان صاحب! آپ اپنی بات کریں۔

نوابزادہ محسن علی خان، جناب سپیکر سر! -----------

جناب ڈپٹی سپیکر، ہمایون صاحب! آپ تشریف رکھیں۔

جناب ہمایون سیف اللہ خان، اس کے بعد سر' مجھے ٹمبر دیں۔ میں بھی فیڈرل گورنمنٹ کے بارے میں کچھ کہوں گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر، آپ تشریف رکھیں۔

نوابزادہ محسن علی خان، جناب سپیکر صاحب! بات میں نے اسلئے اٹھائی کہ یہ 458 لوگ' جن کو نکالا گیا ہے' ان سب کا تعلق اسی صوبے سے ہے۔ ان کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے۔ جناب سپیکر! نیشنل بینک میں اور حبیب بینک میں مختلف ادار میں گولڈن ہینڈ شیک کا جو طریقہ کار اختیار کیا گیا ہے' اس میں یہ کیا گیا ہے کہ جو بھی بینک سے نکلے --------

Mr. Deputy Speaker: It must be very brief.

نوابزادہ محسن علی خان، Sir, it will be brief. انہوں نے ہاؤس بلڈنگ کے جو بھی Loans لے لیے ہوں یا اور کسی قسم کے Loans لیے ہوں تو According to the 'Golden Hand Shake Programme' ان کو Convert کرتے ہیں In the shape of Defence Saving Certificates اور اس کا جو Interest ہے' آمدن ہے' اس پر That is a justice according to the loan. In the case of United Bank.

جناب سپیکر صاحب' انہوں نے یہ کام کیا ہے کہ Entire loan ' جو بیس سال کیلئے لوگوں کو Loans دیے گئے ہیں On very low interest rates ' وہ پورا Amount اس گولڈن ہینڈ شیک کے تحت مکمل Adjust کر رہے ہیں۔ رزلٹ یہ ہے کہ جب ایک انسان نوکری چھوڑ کر جا رہا ہے' بجائے اس کے کہ اس کو کچھ ملے' They are asking them to pay the Bank, to leave the Bank یعنی وہ خود کہہ رہے ہیں کہ آپ ہمیں پیسے

دیں اور آپ یہاں سے چلے جائیں۔ تو یہ جناب سپیکر صاحب، ایک انتہائی ظلم ہو رہا ہے۔

This Bank is supposed to have earned over 11 million rupees profit

in 1996. 50 % peopel belonging to the Frontier Province. پچاس فیصد جو

لوگ ہیں اس صوبے سے، ان کو نکال دیا گیا ہے Without giving them proper

compensation. میں بشیر خان اور ان کے ساتھ ان کے Collegues بیٹھے ہوئے ہیں،

ان سے بھی یہ درخواست کرتا ہوں کہ اس مسئلہ کو حل کرنے کی طرف لے جانا چاہئے۔

ان لوگوں کے ساتھ بڑا ظلم ہوا ہے۔ ان کو معاوضہ دینا چاہئے جو وہ ان کو دے نہیں رہے۔ میں ان سے یہ درخواست کرتا ہوں اور آپ سے بھی یہ درخواست کرتا ہوں جناب سپیکر صاحب، کہ آپ مہربانی کرکے ان کو ایک خط لکھیں۔ آپ نے پہلے بھی خط لکھے ہیں اس معزز ایوان کے کہنے پر، آپ فیڈرل فنانس منسٹر کو خط لکھیں اور ان سے یہ درخواست کریں کہ یہ جو ظلم ہو رہا ہے، مسلم لیگ حکومت کو ایسا ظلم لوگوں کے ساتھ نہیں کرنا چاہئے۔

جناب ڈپٹی سپیکر۔ اچھا ٹھیک ہے، تھینک یو۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور۔ جناب سپیکر صاحب! جیسا کہ محسن علی خان --------

Haji Muhammad Yousaf Khan: Point of order.

جناب ڈپٹی سپیکر۔ حاجی صاحب! تاسو --------

حاجی محمد یوسف خان۔ او جی زه په پوائنٹ آف آرډر باندے خبره کول غوارم۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور۔ په دے یو بی ایل باندے خبرے کوے که په بل څه؟

حاجی محمد یوسف خان۔ نه جی، بله خبره کوم۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور۔ نو زه د یو بی ایل د خبرے جواب به دوئ ته ورکړم۔ مونږه دوئ ته دا تسلی ورکوو چه زمونږه حکومت به د چا سره هم

زیاتے نه کوی، که مرکزی حکومت وی او که صوبانی حکومت وی، که د هغوی ځه حق جوړیږی، زه په فلور آف دی هاؤس دا وایم چه هغوی ته به خواه مخواه ملاویږی۔

Mr . Deputy Speaker: Honourable Member . Haji Mohammad Yousaf Khan Tarand.

حاجی محمد یوسف خان، جناب سپیکر! ستاسو په وساطت باندے زه د حکومت توجه دے غاړے ته راګرخوم چه پیښور ښار او خاصکر حیات آباد کښې تقریباً د نهو لسو ورځو نه د ګیس داسے مسئله جوړه شوے ده یعنی په حیات آباد کښې په ټوله ورځ کښې دوه منټه هم ګیس نه راځی او مخکښے روژه راروانه ده۔ بیګا په هغے باندے جلوس وَتلے وو هلته په حیات آباد کښې او تاسو یقین اوکړئ چه په حیات آباد کښې دا پوزیشن دے چه یو پیالئ چائے په سالمه ورځ کښې په ګیس نه پخیږی۔ نو تاسو مهربانی اوکړئ او د حکومت منسترانو صاحبانو ته دا درخواست کوم چه په ټول پاکستان کښې د ګیس ځه شکایت نشته ما سوا د پیښورنه او په پیښورکښې بیا خاصکر حیات آباد باندے چه کوم ظلم شروع دے، دا ډیر زیات دے۔

جناب سلیم سیف اللہ خان، اس سلسلے میں ہم بھی بولنا چاہتے ہیں۔ جناب سپیکر! گیس پر ہمیں بھی ----------

جناب ڈپٹی سپیکر، اس پر Already بات ہو چکی ہے۔ چونکہ وہ حیات آباد میں رہتے ہیں' وہ مسئلہ ہے۔

جناب سلیم سیف اللہ خان، میں نے پچھلے دو مہینوں سے اخبارات کے ذریعے سے بھی بیانات دیے ہیں اور فلور آف دی ہاؤس پر بھی دیے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر، میرے خیال میں اگر آنریبل وزیر صاحب --------

جناب سلیم سیف اللہ خان، وزیر صاحب تو یہ فرمائیں گے کہ سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا۔ نہ جی' وہ تو میرے ---------

وزیر قانون و پارلیمانی امور، په اشاروں اغستو۔ آپ ان کو صحیح بات بتائیں۔

جناب سلیم سیف اللہ خان، میں صرف یہی گزارش کر رہا ہوں کہ جیسے میرے بھائی ترند صاحب نے فرمایا کہ باقی پاکستان میں بحران نہیں ہے' وہاں گیس مل رہی ہے اور آپ کا جو دارالخلافہ ہے پشاور' اس میں سردی کی شدت اتنی زیادہ ہے جناب سپیکر' آپ کو پتہ ہے کہ پچھلے ہفتے' دس دن سے کتنی سردی ہے؟ اور پرسوں سے رمضان کا مبارک مہینہ شروع ہو رہا ہے۔ ہم نے بار بار اخبارات کے ذریعے اور فلور آف دی ہاؤس پر گزارش کی ہے کہ بھئی' یہ مسئلہ آگے آ رہا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر، گزشتہ کئی سالوں سے یہ پرابلم ہے۔

جناب سلیم سیف اللہ خان، پچھلے سالوں میں اتنا مسئلہ نہیں بنا تھا' جتنا اس سال ہے اور آگے چل کر تو دیکھیں کہ پھر کیا بنے گا؟

حاجی محمد یوسف خان، جناب سپیکر صاحب! لږ غوندے وضاحت کول غوارم۔

جناب احمد حسن خان، ریکارڈ پر لانے کیلئے عرض کر رہا ہوں کہ یہاں اس سال سردی شدید ترین ہے تاریخ میں۔ (قہقہہ)

جناب ہمایون سیف اللہ خان، جناب سپیکر صاحب! میرے ------

جناب ڈپٹی سپیکر، ہمایون خان! یہ سوئی گیس کے مسئلے پر بات کر رہے ہیں' But you are expert on Wapada.

جناب ہمایون سیف اللہ خان، میں دونوں کا Expert ہوں۔ میری بات سُنیں جی' ایک

قرارداد بھی تھی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>، ارشاد۔

<u>جناب ہمایون سیف اللہ خان</u>، میں دو دن سے بھیج رہا ہوں لیکن وہ Reject ہو جاتی ہے۔ تو اب میں مجبوراً کھڑا ہوا ہوں۔ میں یہ جاننا چاہتا ہوں آپ کو کہ پچھلی حکومت کے دوران 1996 میں سوئی گیس کے بورڈ نے، جناب منسٹر صاحب ذرا سنیئے، بورڈ کے ڈائریکٹروں نے ڈھائی سو کروڑ روپے صوبہ سرحد کیلئے منظور کرائے۔ ڈھائی سو کروڑ، نوٹ کریں سر۔ ان میں ملاکنڈ ڈویژن، ہزارہ ڈویژن اور ہمارا Southern districts شامل تھے، جس میں ڈی آئی خان، بنوں، لکی، ٹانک اور کرک شامل ہیں۔ اس کیلئے پائپ بھی آئے اور اس وقت وہ پنجاب کے گوداموں میں پڑے ہوئے ہیں۔ میں چاہوں گا کہ آپ خود اپنا Directive استعمال کریں As Speaker اور ایم۔ڈی کو یہاں بلائیں تاکہ وہ بتائیں ہمیں کہ بھئی، تیرہ مہینے سے ---------

<u>جناب افتخار الدین</u>، پوائنٹ آف آرڈر، سپیکر صاحب۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>، آپ کا اسی مسئلے پر پوائنٹ آف آرڈر ہے؟

<u>جناب افتخار الدین</u>، ہاں، اسی مسئلے پر۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>، تو اس کے بعد بات کر لیں۔

<u>جناب افتخار الدین</u>، یہ مسئلہ جی ہمایون خان سے تعلق رکھتا ہے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>، اچھا جی۔

<u>جناب افتخار الدین</u>، انہوں نے پانچ اضلاع کا نام لیا ہے، میں ان سے پوچھتا ہوں کہ آخر کوہاٹ بھی ایک ------

<u>جناب ہمایون سیف اللہ خان</u>، کوہاٹ، جناب پہلے منظور ہو چکا تھا، اس پر کام ہو رہا ہے

اور ان کا ایریا بھی انشاء اللہ آ جائے گا۔ کوہاٹ Already منظور ہے' Already اس پر کام ہو رہا ہے۔ تاسو ته به پته وی۔

جناب ڈپٹی سپیکر، ہمایون خان! اب آپ ------

جناب ہمایون سیف اللہ خان، جناب سپیکر! میں یہ کہہ رہا تھا--------

جناب نقیب اللہ خان، افتخار الدین خٹک جنوبی اضلاع میں سے نہیں ہیں اور وہ ہمارے ساتھ ابھی واک آوٹ میں بھی شامل نہیں تھے۔

جناب ڈپٹی سپیکر، اچھا' اچھا۔

جناب ہمایون سیف اللہ خان، بڑی ضروری بات ہے جی۔ یہ بڑی ضروری بات ہے جناب سپیکر صاحب' کہ آپ یہ پتہ کرائیں کہ ایک کمپنی کا بورڈ فیصلہ کرتا ہے جی --------

جناب ڈپٹی سپیکر، میرے خیال میں ہمایون خان' آپ اپنی بات کر چکے ہیں۔ اب وزیر صاحب کو موقع دیں۔

جناب ہمایون سیف اللہ خان، نہیں جی' میں آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ نہیں بلا سکتے ہیں ایم ڈی کو؟

جناب ڈپٹی سپیکر، آپ وزیر صاحب کو موقع دیں کہ وہ --------

جناب ہمایون سیف اللہ خان، آپ نہیں جانتے کہ وہاں پر وہ ---------

جناب اکرم خان درانی، جناب سپیکر صاحب! مونږ د همایون خان د دے خبرے Hundred percent تائید کوو۔ زمونږ په بنوں کښې بوردونه هم لګیدلے وو او په هغے کښې دا ایریا هم راغلے وه او په هغے بوردونو باندے نے لیکلی وو چه په دومره وخت کښې به دلته کار شروع شی۔ نو زمونږ ګزارش دا دے چه همایون خان صحیح خبره اوکړه او منسټر صاحب ته Request کوو چه

صحیح جواب ورکړی۔

*وزیر قانون و پارلیمانی امور،* جناب سپیکر صاحب! ستاسو په وساطت زه د یوسف ترند صاحب او د سلیم سیف الله خان او ورسره زه خپله هم دا وایم چه سحر زه راووتم نو ما ته زما د حلقے تقریباً زرکسان ولاړ وو چه زمونږ دا ګیس دولس، دولس ګهنټے نه وی۔ ما بیا د جی۔ایم سره خبره اوکړه او هغوی دا وانی چه دا په دے وجه باندے دے چه ګیس د یخنی په وجه باندے جام شی او هغه ډیر زیات هم استعمالیږی، په دے وجه هم کم دے او ورسره ورسره ما بیا هغوی ته اوونیل او خپل پی۔ایس ته ے هم اوونیل چه په ټیلیفون باندے ډائریکټ چوهدری نثار صاحب ته هم خواست کوم چه دا مهربانی د اوکړے شی چه زمونږ دا ګیس په پیښور ښار او په ټوله صوبه کښ چرته چه ګیس رسیدلے دے، هلته کښ دا پریشر د پوره وی۔ بل زما ورور، همایون خان د دوه نیم سوه کروړو روپو خبره اوکړه که دا داسے وی نو دا دویٔ ته ما پرون هم Request کړے وو چه In writting د مونږ ته راکړی، مونږ به Personally په دے باندے غور اوکړو چه دا پیسے زمونږ صوبے ته، نه پوهیږم چه دومره بجټ چا Sanction کړے دے او بیا څنګه واپس شوے دے؟ کیدے شی دا بوردونه خو هسے په دروغه باندے، لکه څنګه چه د کوهاټ سونی ګیس په سیلنډر باندے افتتاح شوے وه، د دے باره کښ که داسے شوی وی نو هغه بیله خبره ده۔ که Permanent دا پیسے وی او دا خبره وی نو مونږ ورله دا تسلی ورکوو چه د خپلو صوبائی حقوقو د پاره مونږ هر Limit پورے خو او انشاء الله مونږ به اخلو۔

*جناب ہمایون سیف اللہ خان، جناب سپیکر صاحب!* ------

نوابزادہ محسن علی خان، جناب سپیکر! یہ پیسوں کی بات کر رہے ہیں' Kohat tunnel کا پیسہ ان کی حکومت کے پاس دو سال سے پڑا ہوا ہے لیکن وہاں تو بورڈ نہیں لگا ہے۔ کیا یہ حکومت اس کو بنا نہیں سکتی؟

وزیر قانون و پارلیمانی امور، زہ بہ تاسو تہ دا عرض اوکرم چہ دا Tunnel چہ دے، اسی ہفتے اس پر ہم کام شروع کام کر دیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر، یہ سوئی گیس کا مسئلہ ----- (قطع کلامیاں/شور)

وزیر قانون و پارلیمانی امور، 'Next year' کا مطلب ہے کہ جون 1998۔

جناب ہمایون سیف اللہ خان، بات یہ ہے کہ --------

جناب ڈپٹی سپیکر، آپ نے ایک بڑا اہم مسئلہ چھیڑا ہے۔ آپ نے ایک انفارمیشن Provide کی ہے گورنمنٹ کو اور گورنمنٹ بنچز کی طرف سے آپ سے درخواست کی گئی ہے کہ آپ وہ تمام انفارمیشن آنریبل منسٹر صاحب کو دیں تاکہ وہ Take up کریں۔ تھینک یو۔ میرے خیال میں ہم تھوڑا سا ایجنڈا بھی Proceed کریں' پلیز۔

جناب ہمایون سیف اللہ خان، ایک منٹ' سپیکر صاحب۔

## تحاریک التواء

Mr. Deputy Speaker: Janab Ghani-ur-Rahman Khan, MPA, and Mr Najmuddin Khan, MPA, to please move thier joint Adjournment Motion No. 170 in the House.

جناب احمد حسن خان، مسټر سپیکر سر! د نجم الدین خان غیر حاضری نن ډیره زیاته محسوسیږی۔ پرون په اخبارکښې دا راغلے وو چه هغوی ستاسو د مختلف Directives په زد کښې وو لهذا هغوی خبرے اونکړے او هغه افسرده

معلومیدو۔ داسے نہ دہ؟ کہ چرے دا صورتحال وی نو تاسو اعلان اوکڑئ چہ ستاسو د هغوی سرہ مینہ دہ۔ د هغوی کے مونږ او د تریژری بنچز وروڼرہ یو شان محسوس کوؤ۔

Mr. Deputy Speaker. I have a special attachment with Najmuddin Khan. He is a Member of PAC.

Haji Bahadar Khan: Point of order. Sir.

Mr. Deputy Speaker: Not present. it lapses.

Haji Bahadar Khan: Point of order, Sir.

جناب ڈپٹی سپیکر. جی بہادر خان صاحب۔

حاجی بہادر خان، سلیم سیف اللہ صاحب چہ د گیس دا کومہ خبرہ اوکڑہ نو د گیس تکلیف خو زیات دے خو دوئ تہ بیا هم بجلی شتہ۔ نن پہ 15 دسمبر باندے زمونږہ دوہ بجلی گھرونہ بند شوی دی او زہ تاسو تہ نہ شم ونیلے خو زما پہ خیال زمونږ پہ حلقو کښې دولس دولس گھنتے، دیارلس دیارلس گھنتے بجلی نہ وی نو مہربانی د اوشی د دے متعلق د څہ داسے طریقہ اوشی چہ کہ پہ ټولہ صوبہ کښې بجلی نہ وی نو بیا خو پرواہ نشتہ۔ د بجلئ پہ سلسلہ کښې څہ قرارداد پاس کول غواړی چہ مونږ سرہ دومرہ ظلم نہ کوی۔ روژہ راروانہ دہ او دولس دولس گھنتے بجلی بند وی۔ (شور)

جناب نیک گل خان، دا حال زمونږ هم دے۔

ایک آواز، دا مسئلہ د ټولو دہ جی۔

جناب نیک گل خان، زمونږ دے خبرے تہ لږہ توجہ ورکوئ چہ دا مونږ څہ وایو۔

جناب ڈپٹی سپیکر. آپ نے لیوی کے سلسلے میں پوائنٹ آف آرڈر پر جو بات کی تھی' جہاں تک میرا خیال ہے' آنریبل منسٹر صاحب نے جواب دے دیا ہوگا۔ یہ فیڈرل سبجیکٹ ہے اور آپ کے Views پریس کی جانب سے یقیناً Convey ہو جائیں گے۔ جہاں تک میں سمجھتا ہوں تو آپ نے اپنی بات کر دی اور یہ آپ کی بات یقیناً پریس میں کل شائع ہو جائے گی اور میں وزراء حضرات سے بھی درخواست کروں گا کہ وہ ان کے جو جذبات Convey کر دیں۔

جناب محمد افتخار احمد خان. جناب سپیکر صاحب! ایک درخواست کرتا ہوں' چونکہ ممبر صاحب نے بہت ہی اہم مسئلہ آپ کی وساطت سے اس ہاؤس میں اٹھایا ہے اور اگر آپ مہربانی کریں اور سب سے پہلے یہاں چیف انجینئر کو بلائیں' اگر کل آپ ان کو مدعو کریں کیونکہ واقعی It pertains to Malakand and Mardan districts. It is very important. لوگوں کو کافی مشکلات کا سامنا ہے۔ تو میری گزارش یہ ہوگی کہ اگر کل کسی وقت آپ انہیں بلالیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر. آنریبل شیر زمان شیر صاحب۔

جناب شیر زمان شیر. جناب سپیکر! د بجلئ دا مسئله په صوابئ کښې هم ده۔ په صوابئ کښې پرے جلوسونه هم وَتے دی او رودونه هم بلاک شوی دی۔ ستاسو او د هاؤس په وساطت باندے دا گزارش کوؤ چه د Load shedding دا مسئله د ختمه کړی۔ Load-shedding خو دولس دولس گهنټے' لس لس گهنټے کوی۔ شکریه۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

Mr. Deputy Speaker: Now I will request Mr. Ahmed Hassan Khan. MPA. to please move his 'Call Attention Notice' No. 376. This Call

Attention was deferred on December 24th 1997.

